
# بھڑکتي آگ سے بپتسمه پاتے هوئے

## مصنف: پاسٹر یونگ ڈو کِم




تلخیص شُده: یه کتاب کا محض مختصر نمونه هے۔ بهت سے واقعات، تصادم، تفصیلات اور رویا اِس خلاصه میں شامل نهیں کئے گئے هیں ۔ مکمل ورژن کیلئے کتاب ایمازون ڈاٹ کام سے خرید فرمائیں۔

ایك چھوٹے سے کورین چرچ میں مسلسل شبینه دُعائیه پروگرام میں تیس دنوں کے دوران جماعت نے ایك ناقابل یقین نئي زندگي کا تجربه کیا۔ اُٹھے هوئے هاتھوں کے ساتھ اور رات بھر دُعا میں مشغول، جماعت نے اپني روحاني کھُلي آنکھوں کے ساتھ رویائوں، شفائوں، شدید روحاني جنگ اور یسوع کے ساتھ بدلائو لاۓ تصادم کا تجربه کیا۔ اپني روحاني کھُلي آنکھوں کے ساتھ وه اصل میں اپنے دُعائیه اوقات کے دوران شیطاني لڑائي دیکھ سکتے تھے۔اُنهیں دکھایا گیا که کیسے ابلیس یا شیاطین همیں ورغلانے، ڈرانے اور دھوکه دینے کي کوشش کرتے هیں جب هم دُعا میں هوتے هیں۔ کتاب میں هر شیطاني عمل استعمال کیا گیا تا که اُنهیں دُعا کرنے سے روك سکے۔ اُن کا اژدھوں، شیاطین بادشاهوں، جھوٹے فرشتوں ، جھوٹے مسیحیوں ، رحم طلب شیاطین، چڑیلوں، خُوبصورت عورتوں کے روپ میں بدروحوں وغیره سے تصادم اور مُقابله هوا۔ اُنهیں یسوع کئي بار دوزخ اور عالم اقدس میں بھي لیکر گیا۔ اُن پر ظاهر کیا گیا که شبینه دُعا (غیر زبانوں میں بولنے کي نعمت کے ساتھ) نهایت شدید، مُشکل اور پھلدار دُعائیه وقت هوتا هے ۔ اِس سلسلے کي پانچ کتابیں هیں، یه صرف کتاب نمبر ١ هے۔ (تشریحات شامل کي گئي هیں اور اصل کتاب کا حصه نهیں هیں)۔

**<u>پاسٹر کِم سے یسوع مخاطب هوتے هوئے:</u>**

,,اب سے لیکر جو بھي تجربات تُم اور تُمھاري جماعت کے ارکان دیکھتے هیں ، تُم اُنهیں باقاعدگي سے لکھو جو بھي تُم دیکھتے اور سُنتے هو۔ اِس سے، میں کوریا اور دُنیا بھر سے سب کلیسیائوں کو چاهتا هوں که وه جاگیں۔ یه وه سبب تھا که تُم اِس دُنیا میں لائے گئے تھے---اِس موجوده وقت میں کورین کلیسیائیں اور جماعتیں اندروني اور بیروني ایماندار طرز زندگي اُس سے متضاد هے جو میں نے اُن کے لئے چاهي تھي، پاسباني رهنما اور کلیسیائي ارکان میري ظاهري پرستش کرتے هیں اور مُجھے محض تحریري مفروضے میں جانتے هیں،،۔

**پاسٹر کِم:**

هماري جماعت غير زبانيں بولنے کي قُدرت پر يقين رکھتي هے ، پس هم زياده طويل، زياده جوش اور زياده گهرائي سے دُعا کرسکتے تهے۔ غير زبانوں ميں دُعا کرنا هميں دهيان و گيان ميں بهي مدد کرتي تهيں اور اِس سے ناقابل يقين لياقتيں آتيں جو هماري روحاني بصيرت کو کهولتيں۔ کسي فرد کي روحاني بصيرت کو کهولنے کا عمل نه صرف کٹهن هے بلکه اِس کے لئے بهت سے رکاوٹوں پر بهي غالب آنا ضروري هوتا هے۔ اِس لئے ، اگر آپ لاپروائي سے غير حاضر دماغ اور غير موزوں طور پر ليس هيں تو آپ کو اِس کا شديد خميازه بهگتنا پڑے گا۔ اب هم بهي مُکمل طور پر تيار هيں تا که مُقابل کرسکيں اپنے آپ کو تمجيد، يسوع کے کلام سے اپنے دلوں کو معمور کرنے اور خُداوند سے روتے هوئے لگائو سے ڈهونڈتے هوئے دهيان سے تيار کرتے هوئے۔

شيطان کے ماتحت گاتے هوئے آتے هيں۔ پهر جب ايك ناکام هوتا هے تو دو اور آجاتے هيں ؛ پهر وه دس، تيس، پچاس، ايك سو اور اِس سے بهي زياده تعداد کے گروه ميں حمله آور هوتے هيں۔ گروه بار بار منتشر هوتے هيں اور حالات کے مُطابق حمله کرنے کے لئے دوباره اکٹهے هوتے هيں۔ جب ايك کو دُعا کے ذريعے بهگا ديا جاتا هے ، تو بُري روح اگلے هدف کي طرف چهيڑخاني کرتے، مذاق کرتے، ورغلاتے اور کبهي کبهار ميٹهي باتوں کي سرگوشياں کرتے بڑهتي هے۔ آخر کار جب اُن کي شناخت ظاهر هوجاتي هے تو وه تيزي سے بهاگ جاتي هے۔ شيطان کے ماتحت همارے سامنے کئي بهروپوں ميں ظاهر هوتے هيں۔ کبهي کبهار وه هميں مشهور مذاح کار، معصوم ننهے بچے، جهوٹے يسوع، يا خوبصُورت نور کے فرشتے کا روپ دهارے بهکانے کي کوشش کرتے هيں (دوسرا کرنتهيوں ١٤:١١)۔ وه حتي که هميں الجهائو ميں بهي ڈال ديتے هيں جب ميري اپني بيٹي کے روپ ميں نمودار هوتے هيں۔ هم نے بُري روحوں کے خلاف لڑائياں لڑي اور جيتيں ليکن بهت سي هاريں بهي۔ هماري شکستوں سے همارے جسم ميں دُکه دينے والے درد آئے۔ درد اتني شديد تهي که هم زمين پر کئي بار تڑپتے اور لڑهکتے رهے۔ جب هم خوفناك بے قابو شياطين کا سامنا کرتے تهے تو همارا خُداوند مقرب فرشتے ميکائيل اور آسماني فرشتوں کو هماري مدد کيلئے حرکت ميں لاتا۔ همارا پيار بهرا خُداوند هميں يقين دلاتا هے که هم اکيلے نهيں هيں جب هم لڑنے کے بعد تهك جاتے هيں اور مدد کيلئے آسماني فرشتوں کو بُلاتے هيں۔

يسوع هميں ياددهاني کراتا هے که هم اپنے آپ کو روزمره کي دُعا سے ليس کريں (مرقس٩:٢٩)۔يه ضروري هے که باقاعدگي سے دُعا کي جائے۔ يسوع دو يا زياده کے اتفاق سے دُعا کي اهميت کو بيان کرتا هے(متي ١٨:١٩)۔ بُري روحيں آساني سے پيچها نهيں چهوڑتيں۔ اِس کے بجائے وه نشان چهوڑ جاتي هيں اور تکليف جاري رهتي هے۔

ھمارا ۲۰۰۵ کا قول ,,دُعا کے وسیلہ سے نئي زندگي پائیں،، تھا، اور ھم نے اپني دُعائیہ ریلي کا آغاز ۲ جنوري کو کیا ۔ یہ تیس دن تك چلتي رھي۔ اِس میں کُل دس افراد شامل ھوئے۔ پھلے دن، اتوار کے شام کي عبادت کے بعد ، ھم نے دُعائیہ عبادت کي۔ دوسرے دن (۳ جنوري) کو ھم نے پاك روح کے شعلے کا تجربہ کیا۔ مُشترکہ دُعا اور اُس کے ساتھ ساتھ انفرادي دُعا بے ساختہ ھوئي اور اگلي صُبح ساڑھے سات بجے تك جاري رھي۔ دُعائیہ عبادت کے اختتام پر ھم دائرے میں اکٹھے ھوئے تا کہ گواھیاں اور حقیقتاً یسوع سے ملنا کیسا ھوتا ھے سُن سکیں۔ھماري دُعائیہ عبادت کا دورانیہ طویل سے طویل ھوتا گیا۔ بدھ کي شام کي عبادت ، شام ساڑھے سات بجے شروع ھوئي اور اور اگلي صُبح آٹھ بجے تك بمشکل ختم ھوئي۔ جمعرات کو رات نو بجے سے صُبح دس بجے تك۔

خُدا نے کُلي طور پر ھماري سوچوں کو اُلٹ دیا۔ جتنا زیادہ ھم دُعا کرتے تھے اتنا زیادہ خُداوند ھم پر حیران کُن باتوں کا اثر کرتا تھا۔ حتي کہ ھماري عبادت ساري رات جاري رھتي تھي لیکن کبھي کسي نے شکایت نہ کي۔ اِس کے بجائے وہ اور زیادہ روحاني خوراك کے طالب تھے۔ جب ھم دُعا کررھے تھے تو خُداوند ھم سے ملنے کو آئے۔ ھم نے اُنھیں اپني رُوحاني آنکھوں سے دیکھا ، لیکن کُچھ اوقات میں ھم نے اُنھیں اپني جسماني آنکھوں سے واضح طور پر بھي دیکھا۔

جب بچوں نے یسوع کا تجربہ کیا تو وہ نافرماني سے آزاد ھوگئے اور تابعدار اور وفادار خادموں میں تبدیل ھو گئے ۔ ھمارے دو ارکان دوزخ اور عالم اقدس کو دیکھنے کے بعد اپنے گھٹنے ٹیك کر چلا اُٹھے اور مُجھ سے اُن باتوں کي مُعافي مانگنے لگے جب اُنھوں نے میرے ساتھ بدتمیزي کي تھي ۔ وہ منفي درجہ حرارت موسم میں خُوشخبري کي مُنادي کرنے کے لئے چلے گئے جب وہ اپني ھتھیلیوں کو گرمائش کے لئے گرم سانسوں سے پھونکیں مار رھے تھے۔وہ سہ پھر چار بجے نکلے اور رات ساڑھے آٹھ بجے اپنے ھاتھ پیر منجمد ھونے سے قبل واپس نہ آئے۔ وہ جانتے تھے کہ اُنھیں مُستعد ھونا ھوگا کیونکہ اُنھوں نے عالم اقدس میں اپنے لئے جمع شُدہ خزانے دیکھ لئے تھے۔ پانچ سالہ لڑکي مینا دو سے تین گھنٹے تك اپنے ھاتھ اوپر اُٹھائے غیر زبانوں میں دُعا کرتي تھي۔ ھماري جماعت نے نبوت، روحاني امتیاز، غیر زبانوں میں بولنا ، سمجھ ، حکمت اور الٰھي ایمان کي الٰھي نعمتیں بخشیں۔

اِس کتاب میں کوئي جھوٹا مواد نھیں ، صرف دُعائیہ ریلي میں شامل ارکان کے شخصي تجربات شامل ھیں۔

خُداوند کي کلیسیا کے ارکان: (پاسٹر کِم ) ( کینگ، ھئیون ـجا) ( کِم جوزف) (کِم ، جُو

ائیون) (سسٹربائیك، بونگ ـنائو) ( لي، هاك سُنگ ) ( لي، يُو كیونگ) (مینا) (اوه، جونگ ـ سُك ) (شماسه شِن، سُنگ كیونگ) ( اوه، جونگ ـ مِن)

## ========== پهلا دن ==========

## ========== دوسرا دن ==========

**پاسٹر كِم:**

پاك روح كي  خاص مداخلت سے، یه یوں تها جیسے هم جب دُعا كررهے تهے تو آگ میں هوں۔ حتي كه یه اگلي صُبح سات بجے ختم هوئي لیكن هم یوں محسوس كررهے تهے جیسے یه كافي نه تهي۔

**لی،  يُو ـ كیونگ:**

میں نے پوري قوت اور دل كي گهرائي سے خُداوند كو پُكارا، ,,ا ےَ یسوع ، یسوع میں تُجه سے پیار كرتاهوں، میں تجهے دیكهنا چاهتا هوں، مُجه پر اپنا آپ ظاهر كر،،۔ میں چلایا اور دلجمعي سے غیر زبان میں دُعا كي۔ ایك گهنٹه گُزرنے كے بعد جب اچانك ایك برق روشني چمكي اور كوئي اُس روشني میں كهڑا تها۔ میں نے اپني آنكهیں كهولیں اور ششدر ره گیا لیكن كُچه نه دیكه پایا۔ جب میں نے دوباره اپني آنكهیں بند كیں تو میں واضح طور پر دیكه سكتا تها ، پس میں نے اپني آنكهیں بند ركهیں۔ یسوع میرے سامنے ایك نوراني چمكدار لباده اوڑهے كهڑا تها۔ ,,یُو ـكیونگ، میں تُمهیں پیار كرتا هوں ،، یسوع نے یه الفاظ كهے، پهر میرے قریب آیا اور میرے سامنے بیٹھ گیا ـ میرا نهیں كیال كه میں نے كبهي كسي كو اتنا خوبصُورت دیكها هوگا جتنا وه تها۔ یسوع كے بال سنهرے تهے اور اُس كي بڑي
خوبصُورت آنكهیں تهیں۔ یسوع نے شفقت سے میرے بالوں میں هاته پهیرا اور كها، ,, یُو ـ كیونگ، میں تُجهے پیار كرتا هوں،،، جلد هي هم سفر پر تهے ، وهاں اتني برق روشني چمك رهي تهي كه میں اپني آنكهیں نهیں كهول سكتا تها، میں سمجها، ,,یه یقیناً عالم اقدس هوگا،،۔ جب هم پهنچے تو لاتعداد فرشتوں نے اپنے پروں سے همیں خوش آمدید كها، اور یسوع مُجهے ساته لئے مختلف فرشتوں سے متعارف كرواتا رها۔ بعد میں یسوع نے مُجهے كها، ,,یُو ـ كیونگ، كیا تُم عالم اقدس كي سیر كرنے پر خوش هو؟،، ـ,,جي هاں یسوع، بهت ، بهت خوش هوں،،۔ یسوع نے كها، ,,دلجمعي سے دُعا كرو، پاسٹر كِم كي تابعداري كرو، اور كلیسیائي عبادتوں مینبخوبي شركت كرو، تو میں تمهیں اكثر اوقات عالم اقدس كي سیر كرایا كرونگا، پس سرگرم رهو،،۔

جب يه ختم هوا تو ميں نے اپني يسوع سے ملاقات اور عالم اقدس کي سير کي گواهي سب کو سُنائي۔

**بائيك ، بونگ ۔ نائو :**

هم ميں سے هر ايك دُعا کرنے کے لئے تکيه پر گهٹنے ٹيکے تها۔ ميرے ساتھ پاسٹر کي بيوي تهي ، جو پاك روح سے معمور رقص کررهي تهي ۔ اُس کا رقص هموار بهتے پاني کي مانند تها۔ وه دمك رهي تهي اور خوبصُورتي سے رقص کررهي تهي جيسے پاك روح اُسے رهنمائي کررها تها۔

ميں غير زبانوں ميں دُعا کرتي رهي ۔ اچانك ايك جلالي سنهري روشني چمکي ، اور وهاں نوراني سفيد لباس ميں ملبوس يسوع کهڑا تها۔ ,, بونگ ۔ نائو، ميں تمُهيں پيار کرتا هوں،،۔الفاظ خُداوند سے ملاقات کي بڑي شادماني کو بيان نهيں کرسکتے۔ مُجهے اُس سے بهت سے سوال پوچهنا تهے ، اور اُس نے سب کا فوري جواب ديا۔

**لی ، هاك سُنگ:**

ميں نے غير زبانوں ميں دُعا پر توجه دي، ميري سمجھ کے بغير، ميري دُعا اختيار سے معمور هوگئي جب ميري آواز بهاري هوئي۔ ميرا جسم آگ کي مانند جل رها تها اور مُجهے اپنا بيروني لباده اُتارنا پڑا۔ بعد ميں ميري قميض پسينے سے شرابور هوگئي۔ ميں نے اپني پوري زندگي ميں کبهي بهي پاك روح کي اِس بهڑکتي آگ کا اپنے اوپر تجربه نه کيا تها ۔ ميں خوشي اور شادماني سے دُعا کررها تها۔ پس ميں گهٹنے ٹيکے اور شديد درد سے اپنے شل ٹانگوں کے ساتھ دُعا کرتا رها۔

**پاسٹر کي بيوي، کينگ ، هئيون ۔جا:**

ميں نے ايك لمبے عرصه سے کبهي کوئي اچهي دُعا نه کي تهي ، پس ميں خواهش محسوس کررهي تهي ۔ دُعا کرتے هوئے، اگر کوئي غير معمولي روحاني ماحول اُبهرتا، تو خُداوند پاسٹر اور هر ايك رُکن سے انفرادي طور پر پُرشوق اختيار سے نبٹتا۔ روحاني رقص جس سے مسز چُو تهامس مسح هوئي ميں اُسے پانا چاهتي تهي۔ اور بعد ميں پهلي مرتبه ميں بغير هچکچاهٹ کے پاك رقص کرنے کے قابل هوئي۔ کُچھ عرصے تك ميں نے اِس بخشش کو چهپُائے رکها ليکن ميں پاك روح کي رهنما قوتوں سے بهاگ نه سکي۔ ميرا جسم مسح هوا تها جيسے آگ سے جب ميرے هاتھ آزادانه موسيقي پر حرکت کرتے تهے۔

## ========== تیسرا دن ==========

## ========== چوتھا دن ==========

**لی ، یُو ۔ کیونگ:**

میں اپني ساري طاقت اور پوري توانائي سے دُعا کررھا تھا که میں نے ابلیس کو دیکھا جو ایسے دکھائي دیتا تھا جیسے کسي فلم میں سے نکل کر آیا ھو۔ سفید لباس پھنے اور لمبے بالوں کے ساتھ، وه میري طرف ناچتے ھوئے اور ڈرائوني آواز میں بولتے ھوئے آیا۔ ,, ھاھاھاھاھا ھاھاھاھاھا،،۔ میں خوف سے میں مفلوج ھوگیا۔ ,,آے شریر اور لعنتي ابلیس، میں تُجھے یسوع کے نام میں حُکم دیتا ھوں که مُجھ سے دور بھاگ جائو،،۔ لیکن ابلیس چلاتے ھوئے میرے اور قریب آ گیا۔ ,, ھي ھي ھي ھي، میں کیوں بھاگوں؟ میں نه صرف اِس لئے یھاں آیا ھوں که تُمھیں دُعا کرنے سے روکوں بلکه تُمھیں جسماني اذیت دُوں،،۔ پھر پاسٹر کِم نے اپنے ھاتھ میرے سر پر رکھ کر اُونچي آواز میں دُعا کي، ,,اَے ناپاك شیطان ، میں تُمھیں یسوع مسیح کے نام میں حُکم دیتا ھوں که یھاں سے دفع ھو جائو،،۔ ابلیس چلا گیا۔ پاسٹر نے ھمیں بتایا ، ,,ھم جب دُعا کریں تو ھ میں پُر اعتماد رھنا چاھئے،،۔

میں نے پھر دُعا شروع کي، پُکارتے ھوئے ,,یسوع میري مدد کر، میري مدد کر،، ۔میں اُسے کافي دیر تك پُکارتا رھا جب یسوع برق نور میں نمودار ھوا۔ وه مُجھ سے مخاطب ھوا، ,,یُو ۔ کیونگ، مت گھبرائو۔ میں تُمھیں تحفظ دُونگا۔۔۔چاھے کیسي بھي بدروح تُم پر حمله کرے، خوف مت کھانا اور نه گھبرانا۔ اپني پوري قوت سے مُجھے پُکارنا اور میں آئوں گا اور بدروحوں کو بھگادونگا۔ پس مت ڈرو اور بھادر بنو،،۔

## ========== پانچواں دن ==========

**لکھاري کا نوٹ:** سسٹر بائیك ، بونگ ۔ نائو اور یسوع کي شادي نجات دھنده اور گناھگاروں کے درمیان اُس تعلق کي علامت ھے ۔ وه یه نئي ایمان لانے والي سسٹر بائیك کو دکھانا چاھتا تھا۔

**بائیك، بونگ ۔ نائو:**

عبادت کے بعد میں نے دلجمعي سے غیر زبان میں دُعا کرنا شروع کي جب خُداوند مُجھ پر ظاھر ھوااور کھا، ,,بونگ۔ نائو، آئو عالم اقدس کو چلیں،،۔ اُس نے میرا ھاتھ پکڑا اور میري

رھنمائي كي۔ جلد ھي ميں ھمارے آسماني باپ كے پاك تخت كي چوكي كے پاس كھڑي تھي ۔ يسوع نے پرجوش طريقے سے اُس سبب كي وضاحت كي كه كيوں مُجھے عالم اقدس ميں لايا گيا تھا: ,,بونگ ۔ نائو، ميں تُمھارے ساتھ عالم اقدس ميں آج ايك خوبصُورت بياه كرنا چاھتا ھوں اور اِسي لئے ھم يھاں آئے ھيں،،۔ جلد ھي فرشتوں نے ميرا لباس تيار كرنا شروع كرديا اور مُجھے جواھرات سے سجايا۔ ميں نے كبھي بھي ايسا سنھرا گائون نه ديكھا تھا جو ميرے لئے تيار كيا گيا تھا ۔ ميں شادماني سے لبريز ھوگئي۔ بھت سے فرشتوں اور عالم اقدس كے باسيوں نے ھماري شادي كي مباركباد دي، اور ميں كبھي بھي اُس منظر كو بھُلا نھيں سكتي ۔ اُسي وقت ھمارے آسماني باپ كا تخت آھستگي سے آگے پيچھے جھومتا دكھائي ديا ۔ ھر بار جب اُس كا پاك تخت جھومتا، كيونكه خُدا بھت خوش تھا، پانچ چمكدار رنگ اُس ميں سے نكلتے ۔ تقريب كے بعد ، ميں نے خُداوند كا ھاتھ تھامے سارے عالم اقدس كي سير كي ۔ ميں اپني خُوشي كے عروج پر تھي ۔

**لي، ھاك۔ سُنگ:**

مصمم ارادے كے ساتھ، ميں نے غير زبان ميں دُعا كرنا شروع كي ، جب اچانك چبوترے كے پيچھے لٹكتي ھوئي صليب برق روشني سے چمك اُٹھي، اور گول دروازه نمودار ھوا۔ تھوڑي دير بعد يسوع نمودار ھوا۔ ,,ھاك ۔ سُنگ،ميں تُمھيں پيار كرتا ھوں،،۔ ميں خُوشي سے پھولے نه سمائي۔ ,,ھاك ۔ سُنگ، ايك ايسي جگه ھے جھاں تُمھيں ميرے ساتھ جانا ھوگا، پس آئو چليں،،۔ جيسے ھي يسوع نے ميرا ھاتھ تھاما، ميرا بدن ھوا ميں يوں تيرتا چلا گيا جيسے پر كي مانند ھلكا پھُلكا ھو۔ جب ھم اپني منزل پر پھنچے ، تو و ھاں ايك عجيب بدبو تھي اور وه بھت غليظ تھي۔ ميں اردگرد گندي بو كے سبب بمشكل سانس لے سكتا تھا۔ ,,يسوع، ميرے پيارے يسوع، ھم كھاں ھيں؟ ميں اپنے سامنے اتنا زياده واضح نھيں ديكھ سكتا،،۔ميں چلايا ليكن يسوع نے كھا۔ ,,ھاك۔ سُنگ، مت ڈرو۔ يه دوزخ ھے ۔ ميں تُمھاري حفاظت كرُونگا، پس مت گبرائو۔ بلكه بغور ديكھو،،۔



آگ سے دوزخ كے دروازے لال سُرخ ھوگئے تھے اور حتي كه داخل ھونے سے قبل ھي وه ناقابل برداشت گرم تھا۔ مُجھے جھُلساني والي آگ اور شديد تپش سے دور ھٹنا پڑا۔ ميں نے پوچھا، ,,يسوع، ھم كيسے اِس آگ كے گڑھے ميں قدم ركھ سكتے ھيں ؟ ميرا نھيں خيال كه ميں يه كر پائونگا؟ ,,۔ ھم ايسي جگه پر گئے جھاں گھُپ اندھيرا تھا اور مُجھے كُچھ دكھائي نه ديتا تھاپھر جيسے ھي يسوع نے ميري آنكھوں كو چھُوا، تو ميں واضح طور پر ديكھ سكتا تھا ۔ وھاں پر ايك بُزرگ خاتون تھي جس پر مايوسي عياں تھي اور وه ساكن اور روايتي كورين لباس پھنے ھوئے تھي

۔ یسوع نے هدایت کي، ,,هاك۔سُنگ، قریب سے دیکهو،،، پس میں اُس بُزرگ عورت کے قریب گئي۔ وہ میري ناني تهي جو کُچه عرصه قبل فوت ه و چُکي تهي ۔ جب میري ماں گهر چهوڑ گئي تهي تو میري ناني نے میري پرورش کي تهي۔ میري ناني هم سے پیار کرتي تهي۔ میں اِسے سمجه نه پائي که وہ کیوں دوزخ میں تهي ، حیرت سے میں چلا اُٹهي، ,,ناني ماں، یه میں هوں، هاك۔سُنگ۔ یه کیسے ممکن هے که آپ جیسي مهربان اور نرم دل شخصیت یهاں هیں؟ جلدي کرو اور وهاں سے باهر آ جائو،،۔ میري ناني نے فوري مُجهے پهچان لیااور حیرانگي سے مُجهے پوچها، ,,هاك ۔ سُنگ ، تُم یهاں کیوں هو؟ تُم یهاں کیسے آئي،، میں نے جواب دیا، ,,یسوع مُجهے یهاں لیکر آئے۔ ناني ماں جلدي کرو اور وهاں سے باهر آ جائو،،۔ میري ناني روئي اور چلائي ، ,,هاك۔سُنگ، میں جتنا بهي یهاں سے نکلنے کي کوشش کروں، تُم وہ نهیں کرسکتي جو تُم چاهتي هو۔ تُمهارا انجام یه نه هو۔ جلدي سے چلي جائو،،۔ آنسوئوں کے ساته میں نے یسوع سے التجا کي ، ,,یسوع، مهرباني سے میري ناني کي مدد کرو که وہ وهاں سے نکل آئے ۔میري ناني نے تو بهت هي اداس زندگي گُزاري تهي ،،۔ پلك جهپکنے میں ایك بڑا سانپ میري ناني کي ٹانگوں کے بیچ نمودار هوا اور وہ اُس کے جسم کے گرد لپٹتا چلا گیا ۔ میں زور سے چلائي، ,,آہ،،۔ میري ناني خوف سے چیخي، ,,مهرباني سے میري مدد کرو،،لیکن اُس کا کوئي فائدہ نهیں تها۔ ,,یسوع، میرے پیارے یسوع، میں وہ هوں جس نے بهت سي بُرائیاں کي هیں،،، میں روئي، ,,مهرباني سے کُچه کرو، مهرباني سے،،۔ یسوع نے کوئي لفظ نه کها، لیکن اُس کا دل ٹوٹ رها تها جب وہ یه دیکه رها تها۔ میں روئي اور روتي رهي جب میں التجا کررهي تهي ، لیکن اُس کا کوئي فائدہ نه تها۔ حتي که اِس پاگل پن کے دوران بهي وہ خاندان کي بهتري کے بارے میں پوچه رهي تهي اور اُن کے بارے میں فکرمند تهي ۔ ,,هاك۔ سُنگ ، تُمهاري بهنیں کیسي هیں؟ تُمهاري ماں کیسي هے؟،،میں جواب دیا، ,,سب ٹهیك هیں،،اور میں جب اُسے جواب دے رهي تهي تو سانپ اُس کے گرد اپني گرفت مضبوط کرتا گیا ۔ میري ناني کي دردناك چیخیں اور بڑهتي گئیں۔ یسوع نے میرا هاته پکڑا اور یه کهتے هوئے میري راهنمائي کي ، ,,هاك۔سُنگ، اب وقت هوا چلا هے که هم چلیں ،،۔ میں اپني ناني کي آہ و زاري کو پیچهے چهوڑتي هوئي دوزخ میں سے آ گئي ۔یسوع نے کها، ,,مادي دُنیا کے موازنے میں ، دوزخ میں ، تُمهاري سب حسیں زیادہ یقیني اور واضح طور پر زندہ هوتي هیں۔۔۔ها ۔ سُنگ، مت رئوو۔ تُم نے یه واضح طور پر دیکه لیا، پس جائو اور اپنے خُداوند کي وفاداري سے خدمت کرو۔ کیا تُم سمجه گئي هو؟،،۔

بعد میں یسوع نے مُجهے بُلایا، ,,هاك۔ سُنگ، دوزخ بهت گهمبیر تها، دُرست؟ میں تُمهیں آج عالم اقدس دکهانا چاهتا هوں،،۔ تهوڑي دیر میں هم عالم اقدس میں تهے۔ فرشتوں کے گروہ اور بهت سے دوسرے لوگ جو مُجه سے پهلے عالم اقدس میں تهے مُجهے خوش آمدید کهنے کو آئے ۔ گهیرے میں لئے هوئے فرشتوں اور یسوع نے هاتهوں میں هاته ڈال کر اکٹهے شادماني سے رقص کیا ۔ عالم اقدس کے بارے میں سب کُچه دوزخ کے مناظر کے

برعكس تها ۔ عالم اقدس میں جو میں نے دیکھا وہ حیران کُن اور ناقابل یقین افسانوي دکھائي دیتا تھا۔ جبکہ عالم اقدس میں ، میں نے یسوع سے درخواست کي۔ ,,یسوع، پاسٹر کا بیٹا جوزف، اُس کا پائوں دردناك مسوں سے بھرا پڑا ھے اور وہ بمشکل چل سکتا ھے، پلیز اُسے شفا دو۔ اور میري ماں کمر کي درد میں مبتلا ھے ۔ اُس کي مدد کرو کہ اُسے درد نہ ھو۔ بھائي اوہ، جونگ ۔سُك کي مدد کرو جو چرچ کے آفس میں رھتا ھے تا کہ اُسے جلدي سے نوکري مل جائے ۔ اور آخر میں، ھماري مدد کرو کہ ھم اپنے چرچ میں نئي زندگي پائیں ،،۔ یسوع نے خوشي سے جواب دیا۔ ,,ھاں، ٹھیك ھے،،۔ یسوع نے میري طرف دیکھا اور کھا، ,,ھاك ۔ سُنگ، آج کے لئے اتنا کافي ھے ۔ آئو چلیں،،۔ جب یسوع نے میرا ھاتھ پکڑا تو ھم آسمان میں سے اُڑتے ھوئے ، واپس اپنے چرچ آ پھنچے۔

میں نے پھر دلجمعي سے دُعا شروع کردي ۔ میں اپني ناني کے بارے میں سوچنا نہ روك سکي جو دوزخ میں تھي اور مُجھے آنسو آ گئے ۔ میں اتني زیادہ درد اور پریشاني میں تھي ۔ میں چیختي چلاتي ھوئي رو پڑي ۔ ,,خُداوند ، میں کیا کروں؟ میري ناني میري وجہ سے مري ۔ اِس سے میرے دل کو بھت درد ھوتي ھے ۔ ناني، میري بیچاري ناني،،۔ میں تھك جانے تك روتي رھي ۔ پھر دوبارہ میں شروع ھوگئي۔ میں نے خُداوند کو پُکارا۔ میں غیر معمولي طور پر رو رھي تھي ، لیکن میں یقین نھیں کرسکتي، اُن آنسوئوں کا جو دو گھنٹے، تین گھنٹے اور پھر چار گھنٹے تك بھتے رھے۔ پھلا دُعائیہ سیشن اختتام کو پھنچا، لیکن میں پھر بھي اپنے دُکھ پر قابو نہ پا سکي۔ میں نے اپني دوزخ اور عالم اقدس کي سیر کي گواھي کي دوسروں کے ساتھ شراکت کي۔ پھر صبح پانچ بجے، ھم نے اپنے دوسرے دُعائیہ سیشن کا آغاز کیا۔ جو پانچ گھنٹے بعد ختم ھوا۔ جب پاسٹر اپنا واعظ کررھا تھا تو یسوع ظاھر ھوا اور پھر پاسٹر اك واعظ اور موثر ھوگیا۔فرشتے عالم اقدس سے نیچے آ گئے اور اُنھوں نے واعظ کے چبوترے کے گرد قطار بنا لي اور کُچھ نے مدد کے لئے پیالے پکڑے ھوئے تھے ۔ اُنھوں نے ھم میں سے ھر ایك کي دُعا کو لیا ، اور وہ ,,آمین، آمین،، گا رھے تھے ۔

حتي کہ تمام عبادتوں کے اختتام پر بھي میں اپني ناني کے دُکھ کو سنبھال نہ پائي جو دوزخ میں تھي۔

## ========= چھٹا دن =========

**<u>بائیك، بونگ۔ نائو:</u>**

پاسٹر کو اپنا واعظ شروع کئے چار گھنٹے گُزر چُکے تھے ۔ اور ھم میں سے کسي ایك نے بھي آنکھ تك نھیں جھپکائي تھي ۔ پانچ سالہ مینا بھي بڑے انھماك سے واعظ سُن رھي تھي ۔ جب میں نے اپني نگاھیں پاسٹر پر مرکوز کي ھوئي تھیں تو یسوع فرشتوں کے غول کے

ساتھ ظاھر ھوا۔ یسوع اپنے ساتھ نو بھیڑوں کي رھنمائي کررھا تھا۔ میں ان گئي که جتني بھیڑیں یسوع ساتھ لایا اور دُعا کرنے والے جوشیلوں کي تعداد بھي اتني ھي تھي ,,تم سب میري بھیڑیں ھو۔میں ھمیشه تمھاري نگھباني کرتا ، پس مت گھبرائو،،۔



پاسٹر کِم کا واعظ شعله تھا اور وه مُقدس آگ کے ساتھ بول رھا تھا ۔ یسوع پاسٹر کِم کے واعظ میں گھري طرح شامل تھااور وه مُسرت سے کھه رھا تھا ,,بھت اچھے، پاسٹر کِم تُم عُمده کام کررھے ھو،،۔ یسوع مسلسل تابناك مُسکراھٹ کے ساتھ پاسٹر کِم کے ساتھ ساتھ تھا۔ جب پاسٹر اپنے دائیں حرکت کرتا تو یسوع بھي دائیں حرکت کرتا؛ جب وه بائیں حرکت کرتا تو یسوع بھي بائیں حرکت کرتا۔ پھر دس فرشتے نمودار ھوئے ۔ ایك کھُلي کتاب کے ساتھ کھڑا تھا اور جلدي سے کُچھ درج کررھا تھا ۔ دوسرا فرشتے پیالے پکڑے ھوئے پاسٹر کے چوگرد تھے جو واعظ اکٹھا کررھے تھے ۔ جب ایك پیاله بھر جاتا تو دوسرا ایك اور کے ساتھ آ جاتا اور یه جاري رھا جب تك وه سار عالم اقدس کو نه لے گئے ۔ یسوع به شادمان ھوا اور فرشتے بھي شادمان ھوئے۔

واعظ کے بعد ، بالآخر اجتماعي دُعا کا وقت ھوا۔ جب ھم دُعا کررھے تھے تو دُعائیه جماعت کے نو ارکان یوں دکھائي دے رھے تھے جیسے جنگ لڑ رھے ھوں۔ جب ھم خُداوند سے توبه کے ساتھ فریاد کررھے تھے تو آنسو اور پسینه بھه رھا تھا۔



پھر یسوع میرا نام پُکارتے ھوئے قریب آیا۔ خُداوند مختلف کلیسیائوں کا موازنه کرتے ھوئے مخاطب ھوا۔ ,,بونگ۔ نائیو، بھت سي کلیسائیں سوتي ھیں اور اپني سُرخ صلیبیں پورا ھفته روشن رکھتي ھیں۔ لیکن خُداوند کي کلیسیا کے لوگ بھت مستعدي سے دُعا کرتے ھیں ۔ میں اب بھت خُوش ھوں ،،۔ پھر فرشتے تین کے گروھوں میں اُترے ۔ ایك، دو، تین ، چار، پانچ، میں نے کُچھ دیر کے لئے گنا لیکن میں اُن کے جلوس کا اختتام نه دیکھ سکي، پس میں رُك گئي۔وه بنا رُکے اُترتے رھے اور الطار کے سامنے آ کر کھڑے ھوگئے جھاں ھم نو لوگ دُعا کررھے تھے اُنھوں نے ھماري دُعائیں سونے کے پیالوں میں اکٹھي کیں اور اوپر آسمان پر لے گئے اور پھر واپس آ گئے۔ فرشتے ھماري دُعائیں خُدا کے پاس لے گئے ۔ لیکن بعد میں ، خُدا کي کلیسیا کے لوگوں کے ساتھ ساري رات دُعا میں ھمارے ساتھ رھے ، فرشتوں نے ھمارا شکریه ادا کیا که ھم نے اُنھیں اتنا کُچھ کرنے کا موقع دیا۔

يسوع نے كها، ,,تُمهاري دلجمعي سے خُداوند كو پُكارنے اور دن رات پرستش كرنے كي بدولت، آسماني باپ، ميں خود اور پاك روح تُمهاريعهد بندي سے خُوش هيں۔ دُنيا ميں تُمهارے جيسي كليسيا پانا نهايت مُشكل هے ،،۔ آسماني باپ نے هم سے پوچها، ,,ميں تُمهيں كيا دے سكتا هوں؟،،۔ پهر باپ نے يسوع سے پوچها، ,,ميرے بيٹے تُمهارے خيال ميں ، مُجهے كيا كرنا چاهئيے؟،، يسوع نے جواب ديا، ,,اَے باپ، جيسے آپ چاهيں كريں،،۔ پاك روح نے همیں مقدس آگ، تيل، اور آسماني نعمتوں سے مسح كيا۔ باپ نے كها، ,,پاسٹر كي بيوي كينگ، هئيوان ۔جاكے لئے ميں خاص طور پر چاهتا هوں كه اُسے پاك روح كي بهڑكتي آگ سے مسح كروں اور اُسے يه اهليت دوں كه وه بيماروں كو شفا دے اور ميں چاهتا هوں كه وه روحاني رقص دليري سے كرے،،۔

جب پاسٹر كي بيوي نے روحاني رقص شروع كيا، تو هر كسي نے حيرت سے ديكها۔ اُس كا چهره سُرخ هونا شروع هوگيا جب وه پاك روح كي رهنمائي ميں رقص كررهي تهي ۔

خُدا نے اچانك مُجهے ايسي جگه پر دهكيلا جو يوں لگتا تها جيسے ميں پاني كے تلے هوں اور جيسے ميرے پائوں اور جسم اپنے طور كي سمجھ سے حركت كررهے هوں۔ تهوڑي دير بعد، ميں نے خُداوند كي آواز يه كهتے هوئے سُني، ,,ميں تُمهيں بهڑكتي آگ سے بپتسمه دُونگا،،۔ ميں نے محسوس كيا جيسے مُجهے تيل ميں پهينك ديا گيا هو اور ميرا بدن فورا آگ كے گولے كي مانند محسوس هونے لگا۔

بعد ميں يسوع نے كوريا كي كليسيائوں كے بارے ميں بات شروع كردي ۔ غُصے بهري آواز سے اُس نے كها، ,,كيا كوئي كليسيا اچهي هے، اگر وه اپني روشن صليب كے ساتھ صرف بڑي اور كهوكهلي هے ؟ ميں نے پاسباني رهنمائوں كو چُنا كه كهوئي هوئي روحوں كو بچائيں ، ليكن اُن ميں دُعا كي كمي هے اور اِس سے ميرا دل ٹوٹتا هے،،۔

بعد ميں، ميں پاك رقص كررهي تهي اور غير زبانوں ميں دُعا كررهي تهي جب يسوع نے يه كهتے هوئے ميرا هاتھ تهاما، ,,بونگ۔نائيو، ميرے ساتھ عالم اقدس كو چلو،،۔ جيسے هي ميں نے يسوع كا هاتھ تهاما، ميں اچانك سفيد لباس پهنے هوئے تهي اور ميں هوا ميں يسوع كے ساتھ اُڑ رهي تهي ۔ جب ميں كُچھ اوپر گئي تو زمين اور چهوٹي سے چهوٹي لگ رهي تهي ۔كائنات اتني خوبصورت تهي ۔ هم كُچھ دير تك اُڑتے رهے اور پهر هم كهكشاں ميں پهنچ گئے جب هم كهكشاں سے گُزرے ، تو پهر اندهيرا هوگيا اور ميں نے دو راستے ديكهے ۔ هم دائيں طرف كے راستے سے گُزرے، پس ميں نے پوچها، ,,خُداوند، يه بائيں طرف كا راسته كهاں جاتا هے ،،۔ اُس نے مُجهے بتايا كه يه دوزخ كو جاتا هے ۔ يوں لگتا

تھا كه هم كُچھ دير سے راستے پر هي تھے ، جب اچانك ايك روشني نمودار هوئي جو اتني شديد تھي كه ميں اپني آنكھيں نه كھول سكي۔

آسمان تاروں سے بھرا هوا تھا۔ زمين پر لوگ اكثر لفظ بهشت استعمال كرتے هيں ، ليكن جو ميں نے ديكھا اُسے دُنياوي الفاظ بيان نهيں كرسكتے ۔ ,,يه كيسے هوسكتا هے؟ يه كيسے ممكن هوسكتا هے ؟،، ميں نے پوچھا۔ انسان مُكمل طور اندازه نهيں كرسكتے كه عالم اقدس كس طرح كا هے ۔ بهت سے فرشتوں نے سلام كيا اور مُجھے خوش آمديد كها۔ يسوع نے كها، ,,تُم نے دلجمعي سے چرچ عبادت ميں شامل هونے كے لئے اپنے آپ كو وقف كيا هے ، ميں تُمهيں تمهارا آسمان ميں گھر دكھانا چاهتا هوں ۔ ميري پيروي كرو،،۔ ميں نے بهت سے فرشتوں كو كُچھ تعمير كرتے هوئے ديكھا۔ يسوع نے مُجھے بتايا، ,,يه تُمهارا گھر هے،، ميں نے ديكھا مگر وهاں كوئي گھر نه تھا۔ ميں نے محض گھري بُنياد ديكھي ۔ فرشتے اپنا كام كرنے كے لئے سونا استعمال كررهے تھے ۔ يسوع نے كها، ,,چند دنوں ميں تمهارا گھر كھڑا هوجائے گا۔ حوصله مت هارو، ليكن دلجمعي سے دُعا كرو اور ايماندار زندگي گُزارو۔ تُم نے ابليس كي پرستش كي اور بهت سے لوگوں كي دهوكے ميں رهنمائي كي۔ ليكن، تُم نے مُجھ پر ايمان لانے كا تهيه كيا اور دلجمعي سے كليسيائي عبادت ميں شامل هوتي هو،،۔ يسوع نے كها، ,,ميرے پاس ايك جگه هے جو ميں تُمهيں دكھانا چاهتا هوں ، پس ميرے پيچھے آئو،،۔اور وه مُجھے ايك اور جگه پر لے گيا ۔ ,,ميري پياري بونگ۔نائو، ميں تمهيں خزانے كا گودام اور اُن لوگوں كا گھر دكھائوں گا جو تُم پر تبليغ كے زمه دار هيں ، يعني تمهاري كليسيا كا پاسٹر كِم ، يونگ ۔ڈو اور اُس كي بيوي ، كينگ، هئيوان ۔جا۔ غور سے ديكھنا۔ دُنيا كي ايك هزار منزله عمارت عالم اقدس كي ايك منزله عمارت كے برابر هے اور عالم اقدس ميں سب كُچھ انساني لُغت كي حدوں سے بالاتر ناقابل بيان هے،،۔

ميري آنكھوں كے سامنے ايك بهت بڑي عمارت تھي اور اُس كي چمكدار روشني اتني زياده تھي كه ميں اپنا سر نه اُٹھا سكي۔ ,,يه پاسٹر كِم ، يونگ ۔ ڈو كا گھر هے ،،۔ يسوع نے اپنا داياں هاتھ اُوپر اُٹھايا اور ميں واضح طور پر پاسٹر كا خوبصُورت گھر ديكھ سكتي تھي ۔ پھر خُداوند نے كها، ,,اب، آئو پاسٹر كِم كا خزانے كا گودام ديكھيں،،۔ موازناتي طور پر پاسٹر كے گھر سے خزانے كے گودام كا فاصله محض تين چاربس سٹاپوں جتنا تھا۔ پاسٹر كا خزانے كا گودام پر سينكڑوں فرشتوں كا بھاري پهره تھا، پس هم داخل نه هوسكے۔ جب يسوع ظاهر هوا، تو محافظ فرشتوں نے اپنے پر نيچے كرلئے اور سيدھے كھڑے هوئے اُسے جھُك كر سجده كيا ۔ عالم اقدس ميں هر خزانے كے گودام پر داخلے كيلئے يسوع كي اجازت چاهئے هوتي هے ۔ خزانے كے گودام سے نكلنے والے چمكدار رنگ ايك ايسي شبيه بنا رهے تھے جسے ديكھ كر بے ساخته نكلا۔ ,,واه، پاسٹر كِم بهت خوش هوگا ،،، ميں نے كها۔خزانے كے گودام كے اندر لاتعداد فرشتے دُنيا سے آنے والے پاسٹر كے سامان كو اكٹھا كرنے ميں مصروف تھے ۔پاسٹر كا خزانه جمع هوتا جا رها تھا ۔ ميں نے يسوع سے پوچھا،

,,پاسٹر کِم کا گھر اتنا بڑا کیوں ھے اور اُس کا اتنا زیادہ خزانہ کیوں ھے ؟،، خُداوند نے مُجھے جواب دیا ، ,,پاسٹر کِم ، یونگ-ڈو نے بھت پھلے دیندار طرز زندگي شروع کردي تھي اور وہ ھمیشہ دلجمعي سے دُعا کرتا تھا اور میري خدمت کرتا تھا ،،۔ یسوع نے کھا، ,,بس آج کے لئے اتنا کُچھ ھي تھا ، پس چلیں ، اور مزید آیندہ دیکھیں گے جب تُم یھاں ھوگے،،۔ وہ مُجھے واپس گرجا گھر لے آئے۔ یسوع نے جانے سے پھلے ایك آخري بات کھي: ,,جب میں صلیب پر موا، بھت سے یقین رکھتے تھے کہ میں پھر نھیں جئیوں گا۔ اُنھوں (بھت سے لوگوں) نے مُجھ پر اعتقاد رکھنا بند کردیا ، اور گرجا گھر جانا بند کردیا اور اب دیگر دُنیاوي کام کررھے ھیں ،،۔

========= ساتواں دن =========

**کِم، جو-ائیون:**

میں نے ایك گھنٹہ غیر زبان میں دُعا کي جب اچانك ایك روشن نور چمکا۔ پھر یسوع، سفید لباس پھنے میري آنکھوں کے سامنے ظاھر ھوا۔ یسوع کے بھورے بال تھے اور وہ سفید لمبا چوغہ نما لباس پھنے ھوئے تھے۔اُس نے میرا نام پُکارا۔ ,,جو-ائیون، میرے پیارے جو-ائیون، میں تُمھیں پیار کرتا ھوں،،۔ یسوع اور قریب آیا جب وہ یہ کھہ رھا تھا ۔میں حیران ھوا ، اور کھا، ,,کیا آپ واقعي یسوع ھیں ؟ ، واہ، یسوع، میں حقیقتاً آپ سے پیار کرتا ھوں۔ آپ بھت اچھے ھو،،۔ میں جوش سے بھرا ھوا تھا کیونکہ میں نھیں جانتا تھا کہ کیا کروں۔ یسوع یہ کھتے ھوئے میرے سامنے بیٹھے تھے کہ وہ مُجھ سے پیار کرتے ھیں۔ میں ازحد خوشي سے کھہ اُٹھا، ,,یسوع، میں حقیقتاً آپ سے پیار کرتا ھوں،،۔ اور اُس نے جواب دیا ، ,,جي ھاں، میں بھي تُمھیں اتنا ھي پیار کرتا ھوں،،۔ یسوع نے مُجھے بتایا، ,,دلجمعي سے دُعا کرو ، اور میں اپنا آپ تُم پر ظاھر کرُونگا۔ میں تُمھیں عالم اقدس کو لے کر جائونگا اور تُمھیں وھاں کي سیر کرائونگا۔ پس دلجمعي سے دُعا کرو،،، اور وہ غائب ھوگیا۔

جب میں یسوع کو نہ دیکھ پایا، تو میں نے اپني ساري قوت سے غیر زبان میں دُعا کرنا شروع کردي ۔ اچانك، میرے سامنے ایك عجیب چیز نمودار ھوئي ، وہ میري طرف بھاگ رھي تھي ۔ اُس کي آنکھوں کے دونوں کنارے پھٹے ھوئے تھے اور دائیں آنکھ کي ایکس کي سي شکل تھي ۔ یہ ابلیس زخم کے نشانوں سے بھرا ھوا تھا ۔ میں چلایا، ,,یسوع کے نام میں، مُجھ سے چلے جائو،،۔ ابلیس غائب ھوگیا ۔ میں نے دُعا جاري رکھي جب کوئي بلي سے بھي پتلي آنکھوں والي کوئي چیز میرے سامنے ظاھر ھوئي ۔ اُس کے چمگادڑ کي مانند پر تھے اور نوکیلے دانت بُري طرح باھر کو بکلے ھوئے تھے ۔ وہ میري طرف مُجھے ڈرانے کو دوڑي، لیکن میں نے اُسے یسوع کے نام میں شکست دي۔



پھر، کُچھ جاني پھچاني بدروح ظاھر ھوۓ، اور میں حیران ھوا که میں نے اُسے پھلے کھاں دیکھا تھا ۔ میں جان گیا یه وہ کردار تھا جو میں کمپیوٹر کے کھیل سٹار کرافٹ میں دیکھا تھا ۔ یه عورت کي بدروح میري طرف بھاگي ۔ وہ مُجھے گھورتي ھوئي دھشت پیدا کرنے کي کوشش کرنے لگي ۔ دوسري بدروحوں کے برعکس،جب میں نے اُن سے یسوع کے نام کا ذکر کیا تھا تو وہ بھاگ گئي تھیں یه بدروح عورت اتني آساني سے نه گئي۔ حتي که میرے بار بار چلانے کے بعد بھي وہ ٹس سے مس نه ھوئي اور میں حقیقتاً ڈر گیا ۔ میں منبر کي جانب پاسٹر کِم کي طرف دوڑا اور دُعا جاري رکھي ۔ پاسٹر نے میرا ھاتھ پکڑا اور اُسے اوپر اُٹھایا، میرے ساتھ دُعا کرتے ھوئے اور تب جا کر وہ ابلیس بھاگا۔

## ========== آٹھواں دن ==========

**پاسٹر کِم ، یونگ۔ڈُو:**

یه کوئي ھفته بھر ھوا تھا جب ھم نے مصمم ارادے سے دُعائیه ریلي شروع کي تھي ۔ ھماري روحاني لڑائي شدت اختیار کرگئي اور ھماري جسماني آزمائش روزانه ھوتي تھي ۔ ایك ایك کرکے ، ھر ایك دُعا گو کي روحاني بصارت کھُلتي گئي اور وہ پاك روح سے معمور ھوتے گئے ۔ شیطاني قوتوں نے پھر شدید دفاعي تحریك شروع کي ۔ بھت سے شخصي حالات بنے، ھمارے غُصے کو آزماتے ھوئے ۔ پھلے دن، میري کار کا ایك ٹائ‍ۓ ھولناك طریقے سے پھٹ گیا ۔ اگلے دن میري کار کا اگلا ٹائر پھٹ گیا ۔ میں اِس صورتحال سے اتنا زِچ ھوا۔ پھر بھي، میں نے خُدا سے کوئي شکایت نه کي ، بلکه اِس کے بجائے میں نے شُکر گُزاري کے دل کے ساتھ ,,ھیلیلویاہ،، پُکارا۔ اِس سے اگلے دن گاڑیاں پکڑنے والا ٹرك میري کار لے گیا۔ یه مرے آپے سے باھر ھونے کے قریب تر تھا ، لیکن میري بیوي اور میري جماعت کے لوگوں نے مُجھے یاددھاني کروائي ، ,,پاسٹر، تمھیں اِس میں ثابت قدم رھنا ھوگا،،۔ بعد میں، کسي نے میري کار کي بریك لائٹیں توڑ ڈالیں اور اِس سے بعد کے دن، کسي نے کسي نوکیلي چیز سے کار کي ایك سائیڈ پر گھري خراشیں ڈال دیں۔

کلیسیائي عبادت اُسي طرح چلتي رھي جیسے پاك روح ھدایت کررھا تھا۔ اِس وقت تلك کلیسیائي بلیٹن میں موضوع کُچھ یوں تھا، ,,پاك روح سے معمور موسمي گھنٹه،،، لیکن اِسے درج ذیل سے بدل دیا گیا، ,,ایك حقیقي پاك روح کي رھنمائي میں عبادت،،۔ پرستش،

دُعا، واعظ اور رسمي باتوں کو ھٹا ديا گيا اور ھم پاك روح پر انحصار کرنے لگے کہ وہ ھماري، پرستش، دُعا، واعظ اور مُنادي ميں راھنمائي کرے ۔واعظ وقت مُقررہ سے زيادہ دير تك بھي چل سکتا تھا کيونکہ ھم پر اُسے وقت مُقررہ پر ختم کرنے کا کوئي دبائو نہ تھا ۔

ھر دُعا کرنے والا ھماري رات بھر کي دُعائيہ نشست ميں يسوع کي موجودگي کو محسوس کرسکتا تھا، اِس لئے وہ تھکاوٹ محسوس نہ کرتے تھے ، چاھے عبادت اگلي صبح تك جاري رھتي ۔ ھم ھميشہ مستعد رھتے، اور ھمارے محافظ کو نيچا دکھانے کا کوئي وقت نہ تھا کيونکہ ابليس بے روخ ٹوك حملہ کرتا تھا۔

**کِم، جو ۔ ائيون:**

ميں غير زبان ميں دُعا کررھا تھا جب يسوع يہ کھتے ھوئے مُجھ پر ظاھر ھوا۔ ,,جو۔ائيون، ميں تُم سے پيار کرتا ھوں،،۔ اُس نے بات جاري رکھي، ,,جو۔ائيون، دلجمعي سے دُعا کرتے رھو، اور ميں تُمھارا ھاتھ پکڑ کر تُمہيں عالم اقدس ميں لے جائونگا۔ بغير وقفے کے دُعا جاري رکھو۔ ميں تمھيں عالم اقدس دکھائونگا۔ کيا تُم سمجھ رھے ھو؟،،



بعد ميں، اُس رات، شياطين گروھوں ميں نمودار ھوئے۔ ايك اپنے پروں کو چمگادڑ کي مانند پھڑپھڑاتا ھوا، اپنے سر پر دو چھوٹے سينگوں کے ساتھ اور بلي کي مانند آنکھوں کے ساتھ شيطان ميري جانب اپنے بڑے کھُلے ھوئے مُنہ کے ساتھ اور اُس ميں سے پتلي چپکنے والي رطوبت نکالتے ھوئے اُڑا۔ آنکھيں خون سے بھري ھوئي تھيں، ميں چلايا ، ,,يسوع کے نام ميں، ميں تمھيں حُکم ديتا ھوں، اَے ناپاك اور غليظ شيطان ، مُجھ سے دفع ھوجائو،،۔ اِس کے ساتھ ھي وہ غائب ھوگيا ۔ کُچھ دير بعد چھوٹي آنکھوں کے ساتھ ايك نيلے چھرے والا شيطان ميرے پاس آيا ۔ ميں ڈرا ھوا تھا اور ميرے سارے بدن کے رونگھٹے کھڑے ھوگئے تھے ، ميں چيخا، ,,يسوع کے نام ميں، مُجھے سے دفع ھو جائو،،۔ ليکن يہ شيطان ٹس سے مس نہ ھوا۔ اِس کے بجائے وہ ميري طرف گھورتا رھا ۔ ميں اونچي آواز ميں چيخا اور خوف سے بھرا ھوا تھا جب سسٹربيك، بونگ۔نائو، جو ميرے پاس بيٹھي تھي ، ميرے ساتھ چلانے ميں شامل ھوئي، ,,يسوع کے نام ميں، ھم سے دفع ھو جائو ،،صرف تب وہ بھاگا۔

ميں نے دُعا دوبارہ شروع کي جب ايك بھت بڑا سُرخ اژدھا ميري طرف اُڑتا ھوا آيا۔ اُس کي آنکھيں سبز تھيں۔ لمبے ، نوکيلے سينگ اُس کے سر ميں سے نکلے ھوئے تھے۔اُس کے

نتھنوں میں دھواں تھا۔ وہ میري طرف لپکا جیسے مُجھے زندہ نگل لینا چاھتا ھو۔میں ھٹا نھیں۔ میں اپنے پیروں پر کھڑا رھا، یسوع کے نام میں غیر زبان میں دُعا کرتا رھا ، اور اچانك وہ چلا گیا ۔ یہ نھایت ھي تشکرانہ احساس تھا۔ میں اِس تجربے سے قبل یسوع نام کي قُدرت اور طاقت کو نھیں جانتا تھا ۔ اگلي بارایك ڈرائونا، ھولناك مکار، اور کھوپڑي نما شیطان میرے چھرے کے سامنے آ گیا جیسے وہ میرا مضحکہ اُڑا رھا ھو۔ ایك بار پھر، میں نے غیر زبان میں دُعا کي یسوع کا نام استعمال کرتے ھوئے تا کہ اُس شیطان کو بھگا سکوں۔

بعد میں ، میں صلیب پر مصلوب یسوع کے بارے میں سوچ رھا تھا جب وہ ظاھر ھوا، میري حوصلہ افزائي کرتے ھوئے اور یہ کھتے ھوئے، ,,جو۔ائیون، بس تھوڑا سا اور، تھوڑا عرصہ اور دُعا کرو،،۔

## ========== نواں دن ==========

**لی، ھاك۔سُنگ:**

شیطان کے مروجہ حملے شروع ھوئے۔ سُرخ اژدھا جس کے بارے میں جو۔ائیون نے مُجھے بتایا ، میرے سامنے ظاھر ھوا۔ اُس کي ھیبت ناك جسامت دیکھ کر میں ڈر گیا۔ اُس کي سبز آنکھیں تھیں اور سیاہ دھُواں اُس کے نتھنوں میں سے نکل رھا تھا ۔ اُس کے دانت سینگوں کي مانند نوکیلے تھے ، اُس کے پنجے باھر کو نکلے ھوئے اور دُم خوفناك حد تك لمبي تھي ۔ پھر بھي، میں نے دلیري سے دُعا کي اور وہ غائب ھوگیا ۔ کُچھ دیر بعد ایك بدروح عورت چلاتے ھوئے نمودار ھوئي ۔ ,,ھي ھي ھي،، اُس کا مُنہ بھیڑئے کي مانند دانتوں سے بھرا ھوا تھا ۔ اِس کے علاوہ میں نے اپنے پیچھے بوٹوں کي اونچي دھمك میں ایك فوج کو لڑائي کے لئے مارچ کرتے سُنا۔ اور جلد ھي وھاں گھرے سائے تھے جو میرے گرد تھے ۔ ابلیس کي آواز اور عسکري بوٹوں کي دھمك نے مُجھے ڈرا دیا ، پس میں نے چلانا شروع کردیا ۔ ,,خُداوند میري مدد کرو۔ مھرباني سے میري مدد کرو،،۔ میں خُداوند کو پُکار رھا تھا جب یسوع برق روشني میں سے نمودار ھوا۔ بدروحیں فوراً غائب ھوگئیں جیسے ھي یسوع ظاھر ھوا۔ یسوع نے میرا ھاتھ پکڑا، اور میں اُس کے ساتھ گاتا اور رقص کرتا رھا۔

بعد میں یسوع نے مُجھے بُلایا، ,,میرے پیارے ھاك۔سُنگ، کیا تُم عالم اقدس کي سیر کرنا چاھتے ھو،،۔جیسے ھي اُس نے میرا ھاتھ پکڑا، میرا جسم سفید چوغے میں ملبوس تھا۔ میں ھوا میں اُڑا، اور ھم آسماني فرشتوں کي جانب اُڑے جو ھمارا انتظار کررھے تھے۔ میں ایسي روشني کي موجودگي میں مناسب طور اپنا سر اوپر نھیں اٹھا سکتا تھا ۔ عالم اقدس

ایسے مقام کے طور پر بیان کیا جا سکتا هے جو حیرتوں سے لبریز هو۔ میں سمجھا میں خواب دیکھ رها هوں، لیکن عالم اقدس زمیني دُنیا سے قدرے مُختلف تھا ۔ سارا عالم اقدس سونے سے ڈھکا هوا تھا ۔ کوئي بھي ایسي جگه نه تھي جهاں سے روشني نه پھوٹتي هو۔ بهت سے فرشتے اور مُقدسین بڑي مصروفیت میں تھے اور فرشتوں نے بڑي شادماني سے مُجھے سلام کیا۔ میں نے کها، ,,یسوع، میں جانا چاهتا هوں، آیا میرے لئے یهاں گھر هے،،پھر یسوع نے دو فرشتوں کو میرے ساتھ بھیجا تاکه وه مُجھے میرا گھر دکھائیں۔ میرا گھر اتنا بڑا نهیں تھا، لیکن دیواریں سونے کي اینٹوں کي تھیں۔ میں نے ایك بهت بڑا پھولوں کا باغ دیکھا، جو مختلف پھولوں سے بھرا هوا تھا۔ مُجھے اچانك خواهش پیدا هوئي که میں اُس میں کُودوں اور باغ میں جھوموں۔ جب میں نے پھولوں کي بھیني خوشبو سونگھي، تو میں شادماني سے بھر گیا اور اوپر نیچے بچے کي مانند کودنے لگا۔

**<u>لي، یُو۔کئیونگ:</u>**

میں غیر زبان میں دُعا کررهي تھي جب شیطان میرے پاس آیا۔ اُس کي دائیں آنکھ پر ایکس شکل کا ٹانکوں کا نشان تھا اور اُس کي بائیں آنکھ ریکُون کي سیاه آنکھ کے گڑھے کي مانند تھي۔ وه بدروح مرد کي مانند دکھائي دیتا تھا اور میں چیخا، ,,یسوع کے نام میں ، مُجھ سے دفع هوجائو،،۔ بعد میں وه شیطان جس کے چمگادڑ کي مانند پر تھے میرے پاس آیا۔ ,,میں نے تُمهاري کیا خطا کي هے جو تُم مُجھے یوں تنگ کرتے هو،،۔ اُس نے درخواست کي,,دیکھو، میں تُمهارے پاس پھر کبھي نه آئونگا، اگر تُم صرف ایك بار مُجھے اپنے داخل هو کر باهر آنے دو،،۔میں نے جواب دیا، ,,اَے ناپاك شیطان۔ یسوع کے نام میں میري نظروں سے دُور هوجائو،،۔ اِس کے ساتھ هي وه غائب هوگیا۔اِس کے بعد، میں نے تین چار اور مختلف شیاطین سے لڑائي کي۔پھر اچانك میں نے اپنے اردگرد ایك میٹھي سي خوشبو محسوس کي۔یسوع آئے اور اُنهوں نے میرا نام پُکارا۔ ,,میري پیاري یُو۔کئیونگ، مُجھے اپنا هاتھ دو،،۔ پس، میں نے اپنا هاتھ بڑھایا، اور یسوع نے اپنے گرم اور گداز هاتھوں سے میرا هاتھ پکڑا۔ میں نے کها، ,,یسوع، میرا کندھا بُري طرح درد کررها هے،، اور جیسے هي یسوع نے اپنے هاتھ میرے کندھوں پر رکھے تو درد ختم هوگیا۔

یسوع نے هر ایك دُعا کرنیوالے کو ایك نام دیا۔ یه نهایت دلچسپ امر تھا۔ یسوع نے مُجھے ,,داغوں والا چهره،، کهاکیونکه میرے چهرے پر بهت سے داغ تھے۔ جو ۔اِیئون کو ,,سیسیم،، یا ,,جھائیوں والي،، کها، کیونکه اُس کا چهره جھائیوں سے بھرا هوا تھا۔

بعد میں، یسوع نے مُجھے تسلي دي اُن سب دردوں کیلئے جو میں نے سهیں یعني دوزخ میں اپنے خاندان کو دیکھنا، ,,میري پیاري یُو۔کئیونگ، تُم دوزخ میں اپني ناني سے ملنے کے بعد بهت روئي،،۔خُداوند نے مُجھے یاددهاني کرائي، ,,یُو، کئیونگ، جب میں تُمهیں دوزخ

كي سير كے لئے ليكر جائوں، تُم اپنا هاتھ كسي كو مت پكڑانا، چاهے وه تُمهاري پياري ناني هي كيوں نه هو۔ تُم اُس جگه پر كسي كا هاتھ مت تهامنا،،۔

بعد ميں، يسوع دوباره مُجهے دوزخ كي سير كو ليكر گيا۔ اِس بار، ميں نے اپنے مرحوم باپ اور چهبيس ساله چهوٹے بهائي كو ديكها۔ اُس نے زهر خواني سے خُودكشي كي تهي ۔ وه دونوں ننگے تهے۔ اُن كي آنكهيں مُجھ سے مليں۔,,ميري بڑي بهن، بونگ ۔نئيو،تُم يهاں كيسے آئي؟ يه جگه تُمهارے لئے نهيں هے ۔بڑي بهن، خُداوند سے دُعا كرو۔ جلدي كرو اور اُس سے درخواست كروكه وه مُجهے يهاں سے نكالے۔ ميرے مدد كرو كه ميں اب عالم اقدس كو جائوں،،۔ اِس رونے اور درخواست كرنے كے ساتھ، ميرا بهائي اُبلتے هوئے مادے كے مرتبان ميں پهينكا گيا۔ ميں اُسے اُبلتے سُن سكتي تهي۔

جب ميں ابهي بچي هي تهي تو ميرا باپ مُجھ سے نفرت كرتا تها اور يه نفرت كئي سالوں كي وسعت اختيار كرگئي ۔ ميرے دُنياوي باپ نے كها، ,,بونگ۔نئيو، جب ميں زنده تها تو ميں نے بهت سي ناپسنديده باتيں كيں جن پر ميں اب بهت پشيمان هوں، ميرا اندازه هے كه اِسي لئے ميں اب يهاں هوں۔ ميں نهايت شرمنده هوں،،۔ ميں نے يسوع سے كها، ,,خُداوند، ميرا باپ يهاں كيوں آيا؟،، اُس نے جواب ديا، ,,تمهارے باپ نے بهت گناه كئے۔ وه مُجھ پر يقين نهيں ركهتا تها، بلكه وه بلاناغه جُوائ بهي كهيلتا تها۔جب تُمهاري ماں حامله تهي اور اُس كے اپنے بچے كو صحتمند اور تندرست پيدا كرنے ميں ايك ماه ره گيا تهاتو تمهارے باپ نے وه قيمتي جان تمهاري ماں كے پيٹ ميں مُكه مارنے سے لي۔ بچے نے پيٹ ميں صدمه سها اور مرگيا۔ تمهارے باپ نے تُمهيں بهي پهاڑ پر ايك بچه دفنانے پر مجبور كيا جو ابهي زنده هي تها۔ كيا تُم يه پهلے سے نهيں جانتي؟ اتنے سنگين گناه كرنے كے بعد بهي، اُس نے كبهي اعتراف يا مُعافي نهيں مانگي۔ يه دُرست هے كه وه يهاں دوزخ ميں هے،،۔ يسوع كا لهجه غُصے سے بهرا هوا تها۔

ميں نے ايك اور چهره ديكها جسے ميں جانتي تهي، اور يه ميري چهوٹي بهن كي ساس تهي ۔ اُس نے مُجھ سے شديد درخواست كي كه جب ميں واپس دُنيا ميں جائوں ، تو وه چاهتي هے كه اُس كي بهو اور اُس كا خاندان يسوع مسيح پر ايمان لائے، دلجمعي سے دُعا كريں اور دوزخ كو ديكهيں تا كه وه سب عالم اقدس كو جائيں ۔ اُس نے كها، ,,ميں حقيقتاً نهيں جانتي تهي كه كوئي دوزخ بهي هے يا كه وه كتنا گرم اور بُري حالت كا هوگا۔ ميں كبهي چرچ ميں ڈيكن كا عهده ركهتي تهي ليكن ميں نے كبهي بهي كليسيا ميں خدمت نهيں كي۔ ميرے پاس دُنيا ميں بهت سے بُت تهے اور اُنهوں نے مُجهے بدعنوان كيا۔اِسي لئے ميں يهاں هوں، ميں اِس پر بهت پشيمان هوں،،، وه چلائي۔ پهر وه گرم مادے ميں اُسي طرح پهينك دي گئي ۔ ميں بهت خوفزده اور اُداس تهي ۔ ميں اِسے اور برداشت نهيں كرسكتي تهي ۔ ميرا چهره آنسئوں سے بهرا هوا تها اور جلنے كي بو نے ميرا سانس لينا دُوبهر كرديا۔ يسوع بهي آنسو بهاتا

رھا۔ خُداوند میرے لئے ایك اھم سبق لئے ھوئے تھے: ,,تُم صرف ایك بار عالم اقدس گئي ھو، اور وہ بھي جب تُم جسماني طور پر ابھي زندہ ھي تھي،،۔ میں کُچھ نھیں کرسکتي تھي سوائے اُن کو دُکھ اُٹھاتے ھوئے دیکھنے کے۔ دوزخ کي آگ کا موازنہ ھم اپني طبعي دُنیا کي آگ سے نھیں کرسکتے۔

**<u>لی، یُو۔کئیونگ:</u>**



صُبح ساڑھے سات بجے تك دُعا کرنے کے بعد میں گھر پھنچي، اِس اُمید سے کہ کُچھ آرام کرپائوں گي، جب میں نے اپنے کمرے میں کسي کي موجودگي محسوس کي۔ میں نے اپني آنکھیں کھولیں، لیکن میں کُچھ نہ دیکھ پائي۔ جب میں نے دوبارہ اپني آنکھیں بند کیں۔ یسوع میرے پاس بیٹھا ھوا تھا۔ اچانك مُجھ پر ایك خوف طاري ھوگیا اور میرے جسم کے رونگھٹے کھڑے ھوگئے۔ میں نے دلیري سے غیر زبان میں دُعا کي ۔ اچانك، وہ شخص جسے میں نے یسوع تصور کیا تھا ایك سیاہ شیطان میں تبدیل ھوگیااور اُس کي گھري نیلي آنکھیں تھیں۔ شیطان نے اپني آنکھیں جھپکائیں اور اپنے اُٹھے ھوئے ھاتھوں کے ساتھ اُس نے دُعائے رباني پڑھنے کي کوشش کي۔ پھر وہ چلایا، ,,سب شیاطین اُٹھ کھڑے ھوں،،۔ میں ڈري ھوئي تھي۔ حُکم دینے والي آواز سے میں چلائي، ,,اَے شیطان، یسوع کے نام میں، مُجھ سے بھاگ جائو،،۔ شیطان فوراً غائب ھوگیا۔

## ========= دسواں دن =========

**<u>کِم، جُو۔ائیون:</u>**

جب میں زور سے غیر زبان میں دُعا کررھي تھي ، تو ایك سُرخ اژدھا میرے سامنے نمودار ھوا۔ وہ اچانك رُکا اور میري طرف بڑھا۔ اژدھے کي کسي ڈرائونے مگر مچھ جیسي تھیں اور اُس کے پنجے موٹے اور نوکیلے تھے ، اور اُس نے اپنے پنجے میري طرف گاڑتے ھوئے مُجھے ڈرانے کي کوشش کي ۔ حقارت اور نفرت بھرا دھُواں اُس کے نتھنوں سے نکل رھا تھا۔,,شیطان، اَے ناپاك وجود، یسوع کے نام مُجھ سے دُور ھوجائو،،۔ میں کسي پاگل عورت کي مانند چلا رھي تھي ۔اژدھا، پھر بھائي ھاك۔سُنگ کي جانب لپکا۔ وہ بھي میري طرح چلایا، ,,شیطان، یسوع نام میں مُجھ سے دُور ھوجائو،،۔ جلد ھي ، اژدھا، میري طرف آیا اور سیاہ اژدھے میں تبدیل ھوگیا۔ مکار ھنسي کے ساتھ، اژدھا بولنے لگا۔ ,,دُعا مت کرو، جب دُعا کرتي ھو، تو اپني آنکھیں کیوں نھیں کھولتي؟ اگر یہ بات ھے تو پھر اپني آنکھیں کھولو۔ تُم دُعا کرنے کے دوران اپني آنکھیں کیوں نہیں کھولتي؟



اِسي لمحے اپني آنكھيں كھولو۔ تُم اتني شدت سے آج كيوں دُعا كررھي ھو،،۔ اُس نے دُعا مين ميري توجه كو توڑنے كي كوشش كي ۔ مين پھر چلائي، ,,بھيانك شيطان، يسوع نام ميں مُجھ سے دُور ھوجائو،،۔ بحرحال، اژدھا اتني آساني سے نھيں گيا۔ اِس لئے، مُجھے يسوع نام پر اور زيادہ زور دينا پڑا۔ يسوع نام كي چيخ و پُكار كے ساتھ، اژدھا ايك بار پھر اپنے دانت پيستے ھوئے شيطاني، پھاڑنے والي آنكھوں كے ساتھ لپكا، اور پھر بھاگ گيا۔



جلد ھي ايك اور بدروح ميري طرف جھلكي اور ميري طرف بڑھنے لگي۔ ميں نے جان ليا كه يه بھت سي كورين ڈرائوني فلموں اور ٹي وي پر ديكھي جانے والي بدروح عورت ھے ۔ ميں خوف ذده ھوگئي، ليكن ميں جانتي تھي اگر ميں نے اپنے خوف كا اظھار كيا تو يه اُسے حمله كرنے كے لئے حوصله دے گا۔اپني پوري قوت كے ساتھ، ميں نے كوشش كي كه اپنے خوف كا اظھار نه كروں، جب ميں دُعا سيبدروح كا مُقابله كررھي تھي ۔ اِس وجود كا مقصد لوگوں كو ڈرا كر موت كے گھاٹ پھنچانا تھا۔ اُس كے مُنه سے خون بھه رھا تھا ، اور اُس كے بال اُلجھے ھوئے اور بے ترتيب تھے ۔ اُس نے ايك ناپاك آواز سے ڈرائونا قھقھه لگايا۔ميں اپني پوري قوت سے چلائي، ,,يسوع كے نام ميں مُجھ سے دُور ھو جائو،، اور وه غائب ھوگئي۔

بعد ميں خُداوند يسوع ميرے سامنے ظاھر ھوا۔ بحرحال، اِس بار ميں نے محسوس كيا كه كُچھ غلط تھا۔ ميں نے بے چيني محسوس كي اور خوف محسوس كيا جب خُداوند كو ديكھا۔ مُجھے اپنے پاسٹر كي بات ياد تھي كه احتياط برتنا كيونكه ابلِيس بھي نور كے فرشتے كي مانند ظاھر ھو سكتا ھے ۔ مُجھے بتايا گيا تھا اگر ميں جان نه سكوں تو غير زبان ميں دُعا كروں يا كلام مُقدس بيان كرتے ھوئے فرشتے كو آزمائوں۔ ميں نے اِس يسوع كو غير زبان ميں دُعا كرنے سے آزمانے كي كوشش كي۔ جس لمحے ميں نے غير زبان ميں دُعا كي ، جو خُداوند كے چھرے كے طور ظاھر ھوا تھا اُس كا چھره بگڑنا شروع ھوگيا اور وه سياه ھوگيا۔ ابليس ميرے پاس يسوع كے بھروپ ميں آيا تھا۔ ابليس كي آنكھيں چاروں سمتوں ميں گھومنے لگيں اور مُجھ سے غير مركوز نه ھوئيں كيونكه وه دُعا سے ميري توجه ھٹانا چاھتا تھا۔



**سسٹر بائيك، بونگ نائو**


آج، ميں غير زبان ميں دُعا كررھي تھي ، تو خُداوند يسوع ميرے پاس آيا۔ ميں چلائي، ,,خُداوند، خُداوند،،۔ يسوع بولے اور كھا، ,,روئو مت۔ ميں تُمھيں عالم اقدس پر ليجانے كے لئے آيا ھوں۔ ميرے ساتھ آئو،،۔ خُداوند كے چھرے ميں

رحم تھا جب اُس نے میرا ھاتھ پکڑا۔ جب کبھي بھي میں عالم اقدس کي سیر کو گئي میں اُن سب بھیدوں پر حیران ھوتي ھوں جو لامحدود اور ابدي ھیں۔ میں انوکھے نظاروں پر حیران ھوتي ھوں۔ میں محسوس کرتي ھوں که سارے عالم اقدس کو دیکھنے اور تجربه کرنے کے لئے شاید ھمیشه تك کا وقت لگے۔ یسوع نے مُجھے کھا که جائو اور عالم اقدس کے چرچ کا مشاھده کرو۔ جیسے ھي ھم وھاں پھنچے تو میں ایك مھیب عمارت کو دیکھ کر ششدر ره گئي۔ میں چلائي، ,,واه،،، میں عالمِ مدھوشي میں تھي۔ وه اتني بڑي تھي ، وه یوں لگتي تھي جیسے آسمان کو چھو رھي ھو۔

بعد میں ، جب ھم عالم اقدس کي سیر کررھے تھے، یسوع نے کھا، ,,بونگ۔نائو، آئو عالم اقدس کے بُلند ترین مُقام کي سیر کریں،،۔ جب ھم اونچائي پر گئے تو میں عالم اقدس کے بھت سے مختلف مقامات کو دیکھ سکتي تھي۔میں نے بھت سے فرشتے دیکھے اور بھت سے مختلف قسم کے پھولوں کے ساتھ ایك مھیب باغ کو بھي۔ یه میرے لئے ناممکن تھا که میں مختلف قسم کے پھولوں اور پودوں سب کو گِن سکوں جو میں نے دیکھے۔ میں ایك صاف و شفاف لامتناھي سُمندر کو دیکھ سکتي تھي ۔ وھاں پاني پر بھت سے خوبصورت بحري جھاز تیر رھے تھے۔

بعد میں، میں واپس دُنیا میں آ گئي، حتي که میں ابھي ابھي عالم اقدس کي سیر کرکے آئي تھي، مُجھے پھر دوزخ میں اپنے بھائي اور والدین کي یاد آئي۔ میں کئي گھنٹوں تك روئي اور میں نھیں جانتي تھي که کیا کروں۔ جلد ھي پندره فرشتوں کا گروه مُجھ پر ظاھر ھوا۔ ,,خُداوند نے ھمیں حُکم دیا ھے که دُنیا میں جائو اورسسٹر بائیك، بونگ۔نائو کو تسلي دو۔اِسي لئے ھم یھاں آئے ھیں،،۔ اُنھوں نے میرے گرد دائره بنایااور مُجھ سے تسلي دینے والے الفاظ سے مُنادي کرنے لگے۔ جلد ھي میں پرسکون ھوگئي، اور میرے آنسو پونچھے گئے۔

بعد میں، جب میں نے دُعا جاري رکھي، اچانك میں نے عالم اقدس کو کھُلے ھوئے دیکھا اور خُدا باپ اپنے آسماني تخت پر بیٹھا تھا۔ وه بولا اور اُس نے مُجھے رونا ختم کرنے کو کھا۔ پاك روح آیا اور اُس نے مُجھ سے سرگوشي کي,,میں تُمھیں اور سسٹر کینگ، ھُئیون ۔جا کو شفا اور پاك روح کي بخشش دُونگا۔ تاھم تُم اُس کي تلاش کرو،، جب یسوع باپ کے پاس کھڑا تھا، اُس نے مُجھے کھا، ,,بونگ۔نائو، جب تُم دُعا کے دوران کمزور اور تھك جائو گي تو میں تُمھیں پاك روح سے مسح کرونگا،،۔



کُچھ دیر بعد، یسوع سخت الفاظ میں بولنا شروع ھوگئے،

يسوع نے كها كه كليسيائيں اور خُدام اُس كي بے فائده عبادت كررهے هيں۔ وه انسانوں كي روايات اور كاموں كي پيروي كرتے هيں۔ اُن كي مختصر عبادتيں هيں اور پيغام سے عاري هيں پرستش اور عبادت كے دورانئے ميں طوالت ناقابل قبول هو گئي هے۔ وه اِس كي زياده فكر ركهتے هيں كه يه كب ختم هوگي۔ تبليغ كا دورانيه كم كرديا گيا هے۔ يسوع اپني پريشاني كا اظهار كررها تها۔ عام طور پر عبادتيں ايك گهنٹے پر محيط هوتي هيں تا هم بهت سي عبادتيں ايك گهنٹے سے بهي كم كي هوگئي هيں۔ وه ختم كرنے كي جلدي ميں هوتے هيں۔ يسوع مُنادي كرنے والوں كے بدنوں ميں ظاهر هونا چاهتا هے ليكن پاسٹرصاحبان اُس كي منادي جسم ميں كرتے هيں نه لكه روح ميں۔ وه وقت كي انتظام كاري كے بارے ميں زياده فكرمند هوتے هيں بجائے روح ميں مُنادي كرنے كے۔ عبادت اور خدمت پر كم وقت صرف كرنے كے سبب ، بهت سے مُنادي كرنے والے اپنا فارغ وقت ، ذاتي استعمال ميں لاتے هيں جيسے كه كهانا پينا، جماعت كے ساته سيريں كرنا اور دوسرے معمولي كاموں ميں وقت كا ضياع كرنا۔ كُچه پاسٹر صاحبان پُركشش سسٹروں كے فريب اور توجه كے طالب بن جاتے هيں اور اُن كي خُوبصورتي پر زياده مركوز رهتے هيں۔ اِس كے علاوه كُچه پاسٹر صاحبان اپني جماعت كے ساته مساوي برتائو نهيں كرتے۔ امير اركان كو اُن سے زياده وقت اور توجه دي جاتي هے به نسبت اُن كے جن كے پاس كم دولت هوتي هے ۔ اِس قسم كے پاسٹر خُدا كے جلال كے لئے دُعا ميں مناسب وقت نهيں گُزارتے، بلكه وه معمولي طريقے سے دُعا كرتے هيں جو همارے خُداوند كے لئے ناكامي اور حوصله شكني كا باعث هوتي هے۔ پيغامات پاك روح كي هدايات سے نهيں هوتے۔ يه پيغامات پاسٹر كے علم اور اُن كے بدن كي قوت سے هوتے هيں ۔ وه پيغامات جو پاك روح كي هدايت سے نهيں هوتے وه مختصر اور بے فائده منادي هوتے هيں ۔ منادي كرنے والے چُنتے هيں كه وه پاك روح كي راهنمائي نه پائيں بلكه جماعت كي رضا۔ يسوع چاهتا هے كه وه پاسٹر صاحبان كو خُدا كے جلال كے لئے اُنهيں قوت سے مسح كرے اور استعمال كرے۔ بحرحال، منادي كرنے والوں نے اپني مرضي سے خُداوند كے مسح كو ڈهونڈنا چهوڑ ديا هے۔ اب اُن كا جسماني ذهن اُن كے روح پر حكمراني كرتا هے ۔ بهت سے منادي كرنے والے خُدا كے دل اور ارادوں كو محسوس نهيں كرسكتے۔ خُدا بهت زياده اُداس هے ۔ جب چرچ كي تعمير يا وسعت كي جاتي هے تو كُچه منادي كرنے والے يه اپنے جلال اور فخر كے لئے كرتے هيں ۔ اُن كے دلوں ميں عمارت خُود اُن كے لئے ايك يادگار هوتي هے ۔ اِس قسم كے پاسٹر دُعا ميں بهت كم وقت گُزارتے هيناور وه دُنيا كي ماده پرستي ميں گهرے هوتے هيں۔

جب خُداوند مُجهے يه بتا رها تها ، ميں نے اُس كے چهرے پر دُكه كا اظهار ديكها۔ حالانكه بهت سے منادي كرنے والے اپني مخصوص عمارتوں پر فخر كرتے هونگے ، عالم اقدس اُنهيں معمولي گردانتا هے ۔ آسماني راسته دُنيا سے بهت بُلند هے ؛ كوئي دُنيا ميں جسے اهم سمجهتا هے وه عالم اقدس ميں عارضي هے۔ يسوع نے مُجهے بتايا، ,,سب پاسٹر شرير نهيں هيں؛ تا هم نافرمانوں كي تربيت هوگي۔اگر وه توبه نهيں كريں گے تو وه دوزخ ميں ڈالے

جائیں گے۔ دوزخ میں اُن کو اذیت دي جائے گي اور تھوڑي مُدت میں ، میں تُمھیں وھاں لے جائوں گا جھاں، تُم اُن کو دیکھو گے جو اُن سے پھلے جا چُکے ھیں،،۔


بعد میں اُس دن، مُجھے کُچھ سمجھنے کے لئے خُداوند کي ضرورت پڑي۔ کُچھ ایماندار، جو کافي برسوں سے مسیحي تھے ، اُنھوں نے مُجھے بتایا که جب کوئي مرتا ھے تو وہ دوزخ یا عالم اقدس میں جاتا ھے۔ وہ دعويٰ کرتے تھے که کوئي شخص اُس وقت دوزخ یا عالم اقدس میں نھیں جا سکتا جب وہ ابھي زندہ ھي ھو۔ وہ کھتے تھے که یه بکواس تھا۔ وہ کھتے تھے که میري کلیسیا کو مذھبي تعلیم اور اعتقاد پر کوئي مسئله تھا۔ وہ ھماري دُعائیه مجلسوں اور اُس کي طوالت کا تمسخر اُڑاتے تھے ۔ وہ یه بھي کھتے تھے که پاسٹر کِم اور اُس کي کلیسیا بدعت ھوگي۔ پس میں نے دُعا کي، ,,مھربان خُداوند، کیا ھماري کلیسیا واقعي بدعت ھے؟ میرا خاندان کا کیا بنے گا؟،،خُداوند نے کھا، ,,بدعت کیا ھوتا ھے؟لوگ اپنے تفرقات، مسلکوں اور مذھبي تعلیمات کي بنا پر ایك دوسرے پر تنقید کررھے ھیں اور عدالت کررھے ھیں ۔ وہ گُناہ کررھے ھیں ۔ بحرحال، میں تُمھاري کلیسیا سے بھت خُوش ھوں ۔ تُم اور تُمھاري کلیسیا کے ارکان رات بھر بغیر وقفے کے دُعا کرتے ھیں ۔ وہ جو تُم کو اذیت دیتے ھیں اور بدعت کھتے ھیں جانیں گے کہ میں زندہ ھوں اور میں خُداوند ھوں۔ تُم نے بیماروں کو شفا دینے کي بخشش پائي ھے اور بدروحیں بھي نکال سکتے ھو۔ تُم پاك روح کي ھدایت میں زندگي گُزارتے ھو،،۔ یسوع نے بات جاري رکھتے ھوئے کھا، ,,وہ لوگ ایك دوسرے کي عدالت کرتے ھیں اور تنقید کرتے ھیں اُن کي ھولناك عدالت ھوگي۔ اُنھیں تُم کو گمراہ مت کرنے دو۔ میں تمھاري دُعا سے بھت متاثر ھوں۔ گھبرائو مت۔ میں تمھاري اور تمھاري کلیسیا کي حفاظت کرُونگا۔ حالانکه یه میري خواھش ھے که میں اپنے آپ کو اپنے سب لوگوں پر ظاھر کرونااور اُنھیں روحاني نعمتیں بخشونلیکن وہ مُجھے ڈھونڈتے نھیں۔ بھت سے میري مرضي موافق دُعا نھیں کرتے،،۔ میں نے اُس سے پوچھا، ,,یسوعھماري کلیسیا کا کیا بنے گا،،۔ یسوع نے کھا، ,,تُم پاك روح سے معمور ھونے والے خوش نصیب ھو اور اتني جلدي غیر زبانوں کي نعمت پانے والے ھو۔ جماعت مقدس آگ محسوس کرے گي اور پائے گي،،۔

طویل عبادتوں کے دوران پاسٹر کِم نے پاك روح کے مسح کي قوت سے بھرپور منادي کي۔ کُچھ سمجھتے ھونگے که ھم طویل عبادتوں کے دوران اُونگھتے ھونگے، تا ھم موثر منادي، تمجید، ستائش، اور پرستش سب اتنے جذبے سے کي جاتي تھیں که ھم توانئي سے بھرپور تھے اور ساري رات اگلے دن تك جاري رکھ سکتے تھے ۔ایك دن ھمارے پاسٹر نے اتني قطعیت سے منادي کي که اُس کا چھرہ سُرخ ھوگیا۔ واعظ کے دوران ، جو اتنا جاندار تھا ، میں نے خُدا کے جلالي تخت کي رویا دیکھي ۔ خُدا باپ مسح کرنے والا تیل انڈیل رھا تھا ۔ یوں لگتا تھا که پاك روح پاسٹر کو آگ سے مسح کررھا تھا ۔منادي اور زیادہ دلکش اور جاندار ھوگئي۔ میں نے خُداوند یسوع کو شادماني سے مسکراتے دیکھا۔ خُداوند نے ایك

فرشتے سے کہا کہ وہ دلجمعي سے عبادت کے واقعات کا اندراج کرے ۔ فرشتے نے حُکم مانا اور فرمانبرداري کي ۔

میں نے یسوع سے ایك اور عالمگیر کلیسیا کے بارے میں ، اُن کي بہت سي برانچیں تھیں حتي کہ کوریا میں بھي۔ کُچھ کہتے ھیں کہ اُن کے ارکان اپني تاریخ اور روایات کي بنا پرعظیم ھیں ۔ ,,کیا وہ ھماري طرح ایماندار ھیں؟،، میں نے یسوع سے پوچھا۔ یسوع نے جواب دیا، ,,اگر وہ مُجھ پر ایمان رکھتے ھیں تو وہ نجات پائیں گے۔ لیکن وہ کلیسیا خُدا کے کلام کا دُنیا سے بیاہ کرنے سے تحقیر کرتے ھیں،،۔

جب ھم رویا میں اُس مخصوص کلیسیا کي بات کررھے تھے تو مُجھے بدروحوں کا بادشاہ دکھایا گیا ۔ یہ ناپاك شیطان اُس مخصوص کلیسیا کے ساتھ اپنے منصوبے کے سبب پریشان، گھبرایا ھویا اور خائف دکھائي دے رھا تھا۔ یسوع نے کہا، ,,بہت سے خُدا کے لوگ ابلیس اور بدروحوں سے لاعلم ھوتے ھیں ۔ میرے لوگ وفاداري سے اپنے دُشمن کو کم توجہ دئیے زندگي گُزارتے ھیں، تا ھم ابلیس آپ کے کام میں رُکاوٹ ڈالنے کي کوشش کریگا۔ بڑا حوصلہ رکھنا،،۔



بعد میں، جب میں پاسٹر کے پاس دُعا کررھي تھي، ایك بڑا اژدھا نمودار ھوا۔ حیوان سامنے والے دروازے سے داخل ھوا۔ وہ آسمان کي طرح بُلند لگتا تھا۔ حیوان کا مُکمل غصے والا انداز تھا۔ وہ اپنے ناك کو بل دیتا رھا۔ اژدھا بولا، ,,میں تمھارے بدن کے اندر داخل ھونا چاھتا ھوں ۔تُمھاري ھمت کیسے ھوئي کہ مُجھے چیلنج کرو میں دوزخ کا بادشاہ ھوں دوزخ میں سب خوف سے میري تابعداري کرتے ھیں۔تُم اپنے آپ کو کیا سمجھتے ھو؟ تُم کُچھ بھي نہیں ھو۔ تُمھیں کوئي حق نہیں کہ میري شناخت ظاھر کرو۔آھا، میں اب جانتا ھوں کہ تُم کون ھو ۔ میرے ایك ماتحت نے ابھي مُجھے تُمھارے بارے میں بتایا ھے ۔ قبل ازیں میں نے اُس ماتحت کو حُکم دیا تھا کہ بہت سے لوگوں کو دوزخ کي جانب لیکر جائے۔ تا ھم وہ ناکام واپس آیا۔ جب میں نے اُس سے پوچھا کہ وہ کیوں ناکام ھُوا ھے تو اُس نے کہا، ,اَے میرے بادشاہ، آپ خُود جا کر دیکھ لیں یہ اتنا مُشکل کیوں ھے۔ میں نے سمجھا کہ میں آساني سے لوگوں کو خُود کُشي پر مجبور کرلُوں گا۔ تا ھم، مسحیوں کي دُعائیں بہت جاندار ھیں،، ,یہ تُم کیا کھہ رھے ھو؟، میں نے ماتحت کو ڈانٹا۔ مُجھے ماتحت کے دعوےٰ کي تصدیق کرنا تھي ۔یہ درست تھا، یہ تقریباً ناممکن تھا کہ اِن دُعائوں کا مقابلہ کیا جائے،،۔ حالانکہ اژدھا نے ھمیں ڈانٹا اور دھمکایا، ھم محفوظ تھے کیونکہ یسوع نے ھماري حفاظت کي۔ اژدھا گندي زبان استعمال کرتے ھوئے چلایا ,,میري راہ میں رُکاوٹ حائل کي گئي،،یسوع نے حیوان کو جواب دیا، ,,تُم اپنے آپ کو کہاں سمجھتے ھو کہ ھو؟ بدتمیزي اور غُصہ مت کرو۔ خبردار اگر تُم نے خُداوند کي کلیسیا

كے ايك فرد كو بهي چهُوا، تو تُمهيں سزا ملے گي اور ميرا باپ تُمهيں مارے گا،،۔ حيوان پريشاني ميں تها اور وه پهر اچانك غائب هوگيا ۔ يسوع نے كها، ,,دوزخ ميں اُس اژدهے نے تمهيں بدروحوں كے بادشاه هونے كے ناطے دهوكه دينے كي كوشش كي ۔ يه اُس خاص حيوان كا پهلا ظاهر هونا هے ۔ اُس نے هميشه دُنيا ميں اپنے ماتحتوں كو بهيجا هے تا كه اُس كا كام كريں ۔ بغير وقفے كے دلجمعي سے دُعا كرو۔ هميشه خبردار رهنا اور گهبرائو مت، كيونكه تثليثي خُدا هميشه تمهاري حفاظت كرے گا ۔

**<u>پاسٹر كِم ، يونگ-ڈُو:</u>**

يه منگل تها اور باهر منفي پندره درجے سرد هوائوں كے سبب كهر جمي هوئي تهي ۔ موسمي صورتحال كے باوجود چار اركان منادي كرنے كے لئے گئے ۔ ليكن اُنهوں نے ايسا كرنے سے قبل، اُنهوں نے اپنے آپ كو پاك روح كي قوت اور دُعا كے وسيله سے دلجمعي سے تيار كيا۔ خُداوند نے اُنهيں مقدس آگ سے مسح كيا۔ چاروں نے اور زياده موثر طريقے اور كاميابي سے منادي كرنے كے لئے ايك كهيل كے منصوبه پر بات چيت كي ۔ وه جانتے تهے كه خُداوند كا كام تهكاوٹ كو بالائے طاق ركهتے هوئے كرنے سے كونسا انعام اُن كا انتظار كررها هے ۔ وه سب دير سے واپس آئے اور شادماني سے بهرے هوئے تهے ۔ ,,پاسٹر، هميں اندازه نهيں تها كه منادي كرنا اتنا لطف اندوز اور مزے كا هوگا،، اُنهوں نے كها۔

## ========= گيارهواں دن =========

**<u>كِم، جُو-ائيون:</u>**



جب ميں سنجيدگي سے دُعا كررهي تهي تو ايك برق روشني ميرے سامنے ظاهر هوئي اور اُس روشني كے سامنے يسوع كهڑا تها۔ ,,جُو-ائيون، ميں تُمهيں پيار كرتا هوں۔ باقاعدگي سے دُعا كرو، دلجمعي سے دُعا كرو، اور اپنے پورے دل سے دُعا كرو۔ رُكنا مت،،۔ ميں نے حرارت محسوس كي اور ميں يسوع كو اور واضح طريقے سے ديكه سكتي تهي ۔ پهر ميں جانتي تهي كه كيوں يسوع نے مُجهے اپنے هاتھ اوپر كرنے كو كها تها ۔ ميں يسوع كو اور واضح ديكه سكتي تهي جب ميں نے ايسا كيا ۔ ميں نے اُسے بتايا، ,,واه، ميں آپ كو اور واضح ديكه سكتي هوں، خُداوند، ميں يه پسند كرتي هوں، يسوع شُكريه ،،۔ ميں اچها محسوس كررهي تهي پس ميں كُچه دير كے لئے رُكي تا كه اپني خُوشي سے لُطف اندوز هوسكوں۔ اُسي

وقت ایك بدروح نمودار ھوئي۔ وہ اندھیرے سے بھي زیادہ سیاہ تھي ۔ میں نے اُسے یسوع کے نام میں بھگایا، اور پھر غیر زبان میں دُعا جاري رکھي۔

**لی، یُو ۔ کئیونگ:**

جب میں غیر زبان میں دُعا کررھا تھاتو ایك لمبي بھوئوں والي بدروح ظاھر ھوئي۔ وہ رو رھي تھي اور التجا کررھي تھي کہ اُس کي سُنوں جو وہ کھنا چاھتي تھي ۔ ,,بھت سردي ھے اور مُجھے بھت ٹھنڈ لگ رھي ھے ۔کیا کوئي طریقہ ھے کہ تُم مُجھے اِس سردي سے بچا سکو؟،،۔میں نے جواب دیا ، ,,اَے ناپاك بدروح، یسوع کے نام میں مُجھ سے چلي جائو،،۔

**سسٹر بائیك ، بونگ ۔ نائو:**

آج یسوع مُجھے عالم اقدس کو لیکر گئے ۔ کوئي انساني الفاظ میں عالم اقدس کے نظارے کو بیان نھیں کرسکتا ۔ ھم باپ کے تخت کے سامنے تھے ۔باپ کا جلال اور شان وشوکت اتنا عظیم تھا کہ میں اپنا سر نہ اُٹھا سکي۔ میں اُس کے سامنے جھُك گئي۔ باپ کي خوشبو ناقابل بیان تھي۔اُس کي شان و شوکت عظمت سے بالا تر تھي۔ میں نے باپ کي ایك جھلك دیکھنے کے لئے سر اُٹھانے کي کوشش کي، لیکن نُور کي خالص چمك نے مُجھے ایسا کرنے سے باز رکھا۔ خُدا باپ نُور ھے ۔ فاني ذھن اُس کے جاہ و جلال کا تعین یا اندازہ نھیں کرسکتا ۔ خُدا باپ کي وسعت یوں نمایاں تھي حالانکہ وہ آسمان کي ساري گھرائیوں اور اُونچائیوں کو ڈھانکے ھوئے تھا۔ اُس کا تخت یوں تھا جیسے وہ مشرق سے مغرب تك آسمان کے انتھا کو ڈھانپے ھوئے تھا ۔ یوں لگتا تھا کہ بادلوں کا ایك ھجوم اُس کے تخت کے گرد تھا۔ سورج سے زیادہ چمکدار نور نیچے برس رھا تھا ۔ میں اپنے آپ کو مٹي کا داغ محسوس کررھي تھي جب میں خُدا کے سامنے کھڑي تھي ۔



بعد میں جب میں عالم اقدس سے واپس آ رھي تھي تو ایك فرشتہ مُجھے زمین تك چھوڑنے آیا۔ لیکن جب ھم دُنیا میں واپس جا رھے تھے تو بدروحوں کے ایك غول نے ھمارا پیچھا کیا ۔ بدروحیں بھت بدصُورت اور خوفناك تھیں ۔ ایك اژدھا تھا، ایك اور سانپ تھا، ایك اور کا مینڈك کا سر تھا اور ایك کا انساني سر تھا ۔ وہ قھقھے لگا رھي تھیں جب ھمارا پیچھا کررھي تھیں ۔میں نے فرشتے سے کھا، ,,کیا ھم اور تیز جا سکتے ھیں ،،۔ بدروحیں پھلے ھي ھم سے آگے تھیں اور ھمارا چرچ واپس جانے کا راستہ روك رھي تھیں

۔ دیگر بدروحیں ھمارے پیچھے تھیں اور حملہ کرنے ھي والي تھیں ۔ فرشتہ چلایا، ,,خُداوند ، مہرباني سے اب آ جائو،،۔ جیسے ھي فرشتہ چلایا، خُداوند ھمارے سامنے آ کھڑا ھُوا۔ ایك طاقتور اور تحکمانہ آواز سے اُس نے بدروحوں کو ڈانٹا: ,,تُمھاري ھمت کیسے ھوئي کہ میرے بچوں پر حملہ کرنے کي کوشش کرو، ابھي چلي جائو ،، ایك سیکنڈ کے اندر ھي ، بدروح غائب ھوگئي ۔

## ========= بارھواں دن =========

**سسٹر بائیك، بونگ ۔ نائو:**

میں غیر زبانوں میں دُعا کررھي تھي اور کوئي تیس منٹ دُعا میں گُزارنے پر میں پانچ فرشتے اپني طرف اُڑتے ھوئے آتے دیکھے۔ میں نے فرشتوں کو آزمانے کا فیصلہ کیا تا کہ جان سکوں کہ وہ فرشتے ھیں اور نہ کہ بدروحیں۔ میں نے غیر زبان میں دُعا جاري رکھي ۔ میں نے اُن کے چھروں پر دوستانہ مُسکراھٹ دیکھي اور فرشتوں نے اپنے آپ کو دوستوں کے طور پیش کیا جب میں نے غیر زبان میں دُعا جاري رکھي ۔ میں نے تصور کیا کہ میري دلجمعي سے دُعا فرشتوں کي دوستوں کے طور تصدیق کرے گي۔ تاھم، تھوڑي ھي دیر بعد اُن کے سفید لبادے سیاہ میں تبدیل ھوگئے اور اُن کے فرشتانہ پر غائب ھو گئے ۔ جب وہ حرکت کرتے تھے تو اُن کے جسم پیچ و تاب اور بل کھاتے تھے۔ میں نے زور و شور سے غیر زبان میں دُعا جاري رکھي اور وہ فرش پر گرنا شروع ھوگئے۔ حقیقتاً ، غیر زبانوں میں دُعا کرنے کي رُوحاني نعمت عظیم اور قوت سے بھرپور ھوتي ھے۔ جلد ھي وہ اُن بھوتوں کي مانند دکھائي دینے لگے جو میں نے فلموں میں دیکھے تھے ۔ وھاں کئي ھیبت ناك دکھائي دینے والي مخلوقات تھي جو اتني ڈرائوني تھیں۔ میں نے اُن سب کو ایك ایك کرکے یسوع کے نام میں بھگا دیا ۔ وہ سب بھاگ گئے ۔ میں جب بدروحوں کو نکال رھي تھي تو ایك یسوع کے روپ میں آیا اور کھا، ,,بونگ۔نائو، میں تُمھارا خُداوند ھوں، مُجھ پر بھروسہ کرو ،،۔تا ھم اُس کي آواز تیز تھي اور اُس کا رویہ عجیب تھا ۔ جب کبھي بھي پھلے یسوع میرے پاس آیا تھا تو وہ نرم، پُرسکون اور پُرامن ھوتا تھا ۔ لیکن اب میں خوف ذدہ اور پریشان تھي ۔میں نے محسوس کیا کہ میرے سر کے بال کھڑے ھونے شروع ھوگئے تھے ۔ اعتماد کے ساتھ میں چلائي، ,,یسوع کے نام میں، مُجھ سے چلے جائو،،۔ وہ ایك عجیب ڈرائوني جانور میں تبدیل ھوگیا۔ اُس نے مُجھ پر حملہ کیا لیکن کئي بار پُکارنے پر وہ بھاگ گیا۔





پهر ايك اور بدروح نمودار هوئي۔ يه بهت پُركشش تهي۔ ميں نے سوچا، ,,اِس طرح كي عورت كيونكر اتني خُوبصُورت دكهائي دے سكتي هے؟،، وه بدروح دُنيا ميں سب عورتوں سے زياده حسين تهي۔ خُوبصُورت بدن كے ساته دُبلي پتلي، جو عُمده بزنس سُوٹ پهنے هوئے تهي ۔ وه كسي ماڈل گرل كي مانند چال چلتے هوئے دهيرے دهيرے ميري طرف آئي۔ وه مُجهے سلام كرنے كو جهُكي اور كها، ,,تُم كتنے عرصے سے خُداوند كي كليسيا ميں شامل هو؟،، ميں نے سوال كو نظر انداز كيا اور غير زبان ميں دُعا جاري ركهي ۔ وه ميرے سامنے جهُكي اور حالانكه وه نهايت نزاكت بهري اور پاكيزه لگ رهي تهي ، ميرے جسم كے رونگٹے كهڑے هوگئے ۔ جلد هي اُس كا چهره دو حصوں ميں بٹ گيا اور وه ايك خوفناك صُورت ميں تبديل هوگئي۔ بدروح چلائي، ,,آگے بڑهو اور دُعا كرو، ليكن يه اتنا آسان نهيں هوگا ، ميں نهيں جائونگي،،۔ بدروح نه گئي۔ ميں نے خُداوند كو يه كهتے سُنا، ,,بونگ۔نائو، دُعا بند مت كرو۔ مستعدي سے دُعا كرو۔ ميں بدروح كو ڈانٹوں گا اور روكوں گا،،۔ اچانك، بدروح هوا ميں اُڑي اور واپس ايك خُوبصُورت عورت ميں بدل گئي ۔ اِس مرتبه وه ايك خُوبصورت شادي كا لباس پهنے هوئے تهي ۔ وه نهايت حسين و جميل دكهائي دے رهي تهي ۔ وه عورت اُڑتي هوئي ميري طرف نيچے كو آئي ، اپني بڑي بڑي گول آنكهيں جهپكاتے هوئے ۔ خُداوند نے ميرے كان ميں سرگوشي كي اور كها، ,,دُعا جاري ركهو اور ديكهو وه كيسے ايك خُوبصُورت عورت سے واپس بدصُورت بدروح ميں تبديل هوتي هے ،،۔ ميں نے مُستعدي سے دُعا جاري ركهي جيسے خُداوند نے حُكم ديا تها ۔ جلد هي وه ايك بدصُورت بدروح ميں تبديل هوگئي اور سرزنش پر وه بهاگ گئي۔

بعد ميں، يسوع نے دوزخ ميں ايك مقام مُجهے دكهايا جو ريڈ لائٹ ڈسٹركٹ كهلاتا هے ۔ميں نے جسموں سے ڈهكا هوا ايك بڑا پهاڑ ديكها ۔ لوگوں كے جسم چهوٹے سفيد كيڑوں سے ڈهكے هوئے تهے اور اُن كے هاته بندهے هوئے تهے ۔ ليكن لوگوں نے اُن كيڑوں كو هٹانے كي كوئي كوشش نه كي ۔ يه كيڑے اُن كي جلد، نتهنے، مُنه اور كانوں ميں داخل هو رهے تهے ۔ كيڑوں كا اُن كے جسموں كو كهانے سے وه لوگ جلد هي بدصُورت شكلوں اور پهر ڈهانچوں ميں تبديل هو گئے ۔ وه بے زبان درد ميں تهے ۔ ميں نے پوچها، ,,خُداوند ، يه لوگ اتني شديد اذيت ميں يهاں كيوں هيں ؟،، يسوع نے كها، ,,اِس جگه پر يه وه عورتيں هيں جو اپنا جسم فروخت كرتي رهي هيں ۔ اور مرد وه هيں جو اُن عورتوں كے ساته زناكاري كے مُرتكب هوئے هيں ،،۔ وهاں اتني تپش تهي اور ميں جان كني ميں وهاں سے جانا چاهتي تهي ۔

## کِم ، جُو ۔ ائیون:

آج بدروحوں، شیاطین اور اژدھوں کے لاتعداد حملے ھوئے ، لیکن یسوع کي قُدرت سے ھر ایك بھاگ گیا ۔ پھر بدروحوں کا ایك غول آیا جن کے جسم نه تھے ، درحقیقت وه عجیب طور آنکھ کي شکل میں تھے ۔ وه چلاتے رھے ، ,, دُعا مت کرو۔ ھم تُمھاري توجه ھٹا دینگے ،،۔ بار بار وه دھراتے رھے ۔ ڈرے ھوئے ، میں چلایا، ,,یسوع کے نام میں ، مُجھ سے دُور چلے جائو،،۔ لیکن وه ابھي بھي موجود تھے اور اُنھوں نے عجیب قسم کا شور کرنا شروع کردیا ۔ جلد ھي خُداوند واپس آئے اور کھا، ,,جُو ۔ائیون ، میرے سوا کسي اور کو مت سُننا یا دیکھنا ،، اُس نے میرے کان اپنے ھاتھوں سے ڈھك دئیے اور کھا، ,, جُو ۔ ائیون ، تُم میرے ساتھ بات کرسکتے ھو ،،۔ بدروحیں اُس کي موجودگي پر منتشر ھوگئیں ۔

## ========== تیرھواں دن ==========

## کِم ، جُو ۔ ائیون:

آج بدروحوں کا بھت بڑا حمله تھا۔ جب میں دُعا کررھا تھا تو مُجھے تاریك مُقام پر منتقل کردیا گیا جو میں جانتا تھا که دوزخ ھے ۔ میں نے بھت سي بدروحوں کو دیکھا جو ایك بڑي ناپاك مخلوق کے گرد جمع تھیں ۔ یه بڑي مخلوق مشتعل اور جھگڑالو دکھائي دے رھي تھي ۔ وه چیخي اور سب سمتوں میں دوڑي جیسے وه بے چین اور پریشان لگ رھي تھي ۔ یه بڑي مخلوق دیگر بدروحوں کي رھنما لگ رھي تھي جو لاتعداد تھیں ۔وه بدروحیں بڑي مخلوق کے احکامات کا انتظار کررھي تھیں ۔ جب حُکم دیا گیا ، تو لاتعداد بدروحیں ھوا میں اُڑیں اور ھمارے چرچ کے سامنے نمودار ھوئیں ۔ اُن کي رفتار بھت تیز تھي ایك سیکنڈ سے بھي کم۔ سب بدروحوں نے پانچ ساله مینا سمیت ساري جماعت پر حمله کردیا ۔ لیکن جب وه اپني دُعائیه زبان میں چیخي، ,,بابایا،،، تو اُس کے پاس کي بدروح گر پڑي ۔ حمله ایك دم اُن سب کے خلاف تھا جو غیر زبان میں دُعا کررھے تھے ۔ بدروحیں سب ایك ایك کرکے گر پڑي ۔ شیطان نے چیخ کر حُکم دیا ، ,, سب سُنو، پاسٹر کِم پر حمله کرو ، اگر قیادت گرے گي تو باقي سب آساني سے گر جائیں گے ۔ اَے احمقو، تُم کِس بات کا انتظار کررھے ھو ؟ پاسٹر کِم پر پوري قوت سے حمله کرو،،۔

اچانك، بدروحوں کي ایك بڑي تعداد نمودار ھوئي اور پاسٹر کِم پر حمله آور ھوئیں۔ لیکن جو بعد میں ھُوا، وه بھت حیران کُن تھا ؛ بھت سے حمله آور بدروحیں محض نیچے گر پڑیں ۔ بدروحیں زخمي اور شکست خورده تھیں ۔وه سب ڈري ھوئي تھیں که یه سب اچانك کیا ھوگیا ۔ ایك بار پھر ، اُس ناپاك قوت نے حمله کرنے کي کوشش کي ، لیکن اُنھیں ھر طرف سے شکست ھوئي۔ حملے جاري رھے لیکن نتیجه وھي رھا ۔ وه پاسٹر کو چھو بھي نه پائے ۔ جب

اُن بدروحوں کو اندازہ ھو گیا کہ اُن کے حملے بے فائدہ تھے ، وہ سب خوف ذدہ ھوگئے اور اُس سے گُریز کیا ۔ وہ محض اُس کے گرد گھومتے رھے اور پاسٹر کے قریب جانے کي جُرات نہ کي ۔ جب میں نے پاسٹر کي طرف دیکھا تو وہ اِس سے بے خبر تھا کہ کیا ھوا تھا۔وہ گرم جوشي سے اپني ھاتھ اُٹھائے اور گھٹنے ٹیکے غیر زبان میں دُعا کررھا تھا ۔ جب بدروحیں اُس کے گرد گھوم رھي تھیں تو وہ گرجدار آواز میں غیر زبان میں دُعا کرنے رھا ۔ پھر خوف ذدہ بدروحیں دیوار کي جانب اُٹھا پھینکي گئیں اور ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ھو گئیں۔ وہ سب خوف سے چیختي چلاتي رھیں۔ جب میں نے بدروحوں کو بھاگتے دیکھا تو میں نے فتح محسوس کي اور فاتحانہ ھنسا۔ پھر میں نے ابلیس کو غُصے میں چلاتے دیکھا، ,,پاسٹر کِم، دُعا مت کرو۔ کیا تُم سمجھتے ھو کہ ھم تمھیں اِس طرح جانے دیں گے ؟ میں تمھیں ھلاك کردُونگا، میں قسم کھاتا ھوں،،۔ پھر وہ اپنے دانت پیستے ھوئے شیاطین پر چیخا، ,,اَے احمقو، اپني پوري قوت سے تُم ایك پاسٹر سے بھي نھیں نبٹ سکے ؟ جلدي کرو اور حملہ کرو ،،۔ پھر ابلیس چیخا، ,,اف، یہ پاسٹر تو درد سر بن گیا ھے ، آہ، میرا خیال ھے میں پاگل ھو جائونگا۔ پاسٹر کِم کو تنھا چھوڑ دو اور آئو جماعت پر حملہ کریں، جلدي کرو،،۔ بدروحوں نے جماعت پر حملہ شروع کردیا ، لیکن جب اُنھوں نے جماعت پر حملہ کیا، اُنھوں نے اُن پر پوري قوت سے حملہ نہ کیا ۔ اُنھوں نے ایك بندے پر چند بدروحوں کے ذریعے حملہ کیا ، پوري قوت سے نھیں۔ بدروحیں ساري سمتوں میں پھیل گئیں اور اِس بار اُنھوں نے جماعت میں ھر شخص پر حملے کا فیصلہ کیا ۔ وھاں ھر قسم کي بدروح تھي اور وہ سب مختلف شکلوں اور صُورتوں میں تھیں ۔ اُن سب کو بیان کرنا ناممکن ھے ۔ تاھم، اِس سے کوئي سروکار نھیں کہ کتنے ھولناك انداز میں اُنھوں نے حملہ کیا ، بدروحیں کامیاب ھونے میں ناکام رھیں۔ جماعت کي غیر زبان میں دُعا نے قوت اور قُدرت مھیا کي کہ بدروحوں کو بھگا سکیں۔ جب وہ حملہ کرتي تھیں تو وہ پیچھے جا گرتي تھیں ۔ بدروحوں کا بادشاہ چلایا، ,,خُداوند کي کلیسیا کے لوگو، دُعا کرنا بند کرو۔ تُم کیوں دُعا کئے جا رھے ھو؟ بدروحو، تُم کیا کررھے ھو؟ کیا کوئي اُنھیں روك نھیں سکتا؟،،۔ سب بدروحیں ظالمانہ انداز میں ادھر اُدھر بھٹکتي رھیں ۔ اِس سے کوئي سروکار نھیں کہ وھاں کتني بدروحیں تھیں، کیونکہ بھادر جماعت کي دُعائوں نے سب کو شکست فاش دي۔



اُس رات بعد میں، ایك اور بدروح نے مُجھ پر حملہ کرنے کي کوشش کي ۔ اُس نے کھا، ,,دُعا مت کرو۔ میں تُمھاري توجہ ھٹائوں گا اور تُمھیں تنگ کرونگا تا کہ تُم دُعا نہ کر سکو۔ میں تمھیں بیماري کي لعنت دُونگا۔ ھا ھا ھا،،، وہ مکارانہ ھنسي۔ لیکن وہ بدروح یسوع کے نام کے استعمال میں شکست

خورده هوئي۔

حتي كه بعد ميں اُس رات، ميں نے غير زبان ميں دُعا جاري ركھي ، مُجھے نيچے دوزخ ميں لے جايا گيا ۔ ميں اُس مُقام پر تھا جھاں كُچھ شياطين ايك لمبا نوكيلا نيزه مستطيلي شكلوں كے صندوقوں ميں مار رھا تھا ۔ گندي زبان سے وه چلايا، ,,تُم سمجھتے ھو كه تُم پاسٹر ھو؟ كِس قسم كي زندگي تُم نے گُزاري؟ ميں بھت خوش ھوں كه تُم يھاں ميرے ساتھ ھو،،۔ بدروح صندوقوں كو مارتا رھا جب وه اُن پر لعنت كررھا تھا۔ صندوقوں ميں سے بُلند، درد بھري چيخيں نكليں ، جب خُون اُن ميں سے نكلا۔ ميں نے غور كيا كه صندوقوں كے ڈھكن ٹاٹ سے ڈھكے ھوئے تھے اور اُن پر بڑا صليب بنا ھوا تھا ۔ صندوق ترتيب وار ايك قطار ميں پڑے تھے اور وه دور تك پھيلے ھوئے تھے ۔ ميں ديكھ نه پايا كه وه كھاں ختم ھوتے تھے ۔ ميں نے اندازه كيا كه وه تابوت ھيں ۔ بدروحيں بيھمانه انداز ميں اپنے نوكيلے لمبے نيزے اُن ميں مار رھيں تھيں ۔ ميں نے خُداوند سے پوچھا، ,,يسوع، اِن سابقه پاسٹروں كے تابوت يھاں كيوں ھيں؟،،۔يسوع نے جواب ديا، ,, يه پاسٹر ميري خُوشخبري كي تعليم نھيں ديتے تھے ۔ يه كسي اور خوشخبري كي تعليم ديتے تھے اور وه جو اِن كي پيروي كرتے تھے وه گمراه ھو گئے ۔ يه اِن كا انجام ھے، دوزخ ميں جگه پانا،،۔ يسوع نے كھا، ,,گمراه پاسٹروں كي بڑي عدالت ھوگي ،،۔



دوزخ كے ايك اور حصے ميں، ميں نے ديگر لوگوں كو اذيت ميں ديكھا، وه چيختے ھوئے ايك بڑے جلتے ھوئے فرائينگ پين ميں تھے ، ,,گرم، آه، مدد كرو،،۔ وه بڑا برتن لال سُرخ جل رھا تھا اور جب تيل نے اُن كے بدنوں كو چھُوا، تو اُن كا بدن گھُل گيا اور صرف اُن كي ھڈياں باقي ره گئيں۔ وه ابتري سے اردگرد كودتے رھے۔ پھر اُن كا گوشت واپس آ جائے گا اور سار عمل پھر شروع ھو جائے گا ، بنا ختم ھوئے ۔ ميں نے يسوع سے پوچھا، انھوں نے كيا كيا ھے ـيسوع نے كھا، ,,جب يه دُنيا ميں تھے تو اُنھوں نے اپني بيويوں سے خلاف زناكاري كي۔ اُنھوں نے اپنا كام چوري چھُپے كيا۔ اور اُن كے گناه كے سبب وه اذيت ميں ھيں ،،۔

بعد ميں يسوع نے مُجھے دوزخ ميں ايك مختلف جگه دكھائي ، جھاں ايك بھت بڑا گڑھا تھا۔ يه لوگوں سے بھرا ھوا تھا ۔ لوگوں كے ھجوم آگ سے بھسم ھو رھے تھے ۔ لال سُرخ آگ يوں لگتي تھي جيسے اِس كي كوئي اپني ھي زندگي ھو۔ لوگ گڑھے ميں اندر دوڑ رھے تھے ، شديد تپش كے سبب سے چيختے ھوئے ۔ يسوع نے بيان كيا، ,, يه وه لوگ ھيں جو جھوٹے مذھب پر يقين ركھتے تھے يا وه جنھوں نے خوشخبري كو جھُٹلايا،،۔

## ========= چودھواں دن =========

**کِم ، جُو ۔ ائیون:**

میں مُستعدي سے دُعا کررھي تھي اور کُچھ دیر بعد ایك بدروح جو سفید لباس پھنے نوجوان عورت کے روپ میں تھي نمودار ھوئي ۔ اُس کے مُنه سے خُون ٹپك رھا تھا ۔ ,,دُعا مت کرو، میں تُمھیں شکست دینے لگي ھوں،،۔ میں نے جواب دیا، ,,اَے ناپاك بدروح ، یسوع مسیح کے نام میں مُجھ سے دور ھو جائو،،اور وہ چلي گئي۔

پھر ایك بھت غُصے میں لال اژدھا میرے پاس آیا اور بھت سي اور بدروحیں بھي نمودار ھوني شروع ھو گئیں ۔ جب میں اور زیادہ مُستعدي سے دُعا کررھي تھي ، میں نے زیادہ مضبوط بدروح کا ظھور محسوس کیا۔ عجیب طور سے، اِسي وقت میں، میں نے اپني روح کو عالم اقدس کے پاس جاتے محسوس کیا ۔ بدروحیں مُجھے ڈرانے سے میرا عالم اقدس میں داخل ھونے کو روکنا چاھتي تھیں۔ پس میں نے اپني آنکھیں بند کئے ھوئے اور جوش و خروش سے غیر زبان میں دُعا جاري رکھي ۔ میں نے اُن سب کو نکالنا چاھا لیکن سُرخ چھرے والا اژدھا نه گیا ۔ مُجھے اُسے مسلسل سرزنش کرنا پڑا اور آخر کار وہ چلا گیا۔

خُداوند آیا اور وہ مُجھے سے بہت متاثر لگتا تھا ، میري طرح کي نوجوان بدروحوں کو نکالتے ھوئے۔ یسوع نے مُجھے میرے لقب سے اور میرے اصل نام سے پُکارا، ,,جُو ۔ ائیون، کیلوں والي، تمھارا ایمان ڈرامائي انداز میں بڑھا ھے ، پس اپني آنکھیں بند رکھے ھوئے مستعدي سے دُعا جاري رکھو،،۔

میں نے دُعا پہ دھیان رکھا اور اچانك، میں نے اپنے اردگرد اندھیرا محسوس کیا ، ٹھنڈي ھوا میري طرف چلنا شروع ھوگئي۔ میں نے فاصلے سے ایك دروازہ کھُلا دیکھا۔ اچانك، ایك برق روشني چمکي۔ میري آنکھیں تقریباً کھُل گئیں جب چیرتي ھوئي روشني اور تیز ھو گئي ، لیکن میں نے جان لیا که میں اپني آنکھیں نھیں کھول سکتي۔ خوف مُجھ پر چھانے لگا اور پھر یسوع ظاھر ھوا۔ اُس نے بیان کرنا شروع کردیا ، ,,جُو ا۔ ئیون، جب تُم غیر زبان میں دُعا کررھي تھي تو تمھاري روح فرشتوں کے ساتھ عالم اقدس کے قریب پھنچ گئي۔ تاھم، بدروحیں تمھیں ڈرانے کے لئے آ گئیں تا که تُم اپني آنکھیں کھول لو۔ لیکن میں نے مداخلت کي اور بدروحوں کو حُکم دیا که وہ چلي جائیں۔ یه میں تھا جس نے تمھیں آنکھیں کھولنے سے بچایا۔ جُو۔ائیون میرا خیال ھے تمھیں اور زیادہ دُعا کرنے کي ضرورت ھے میرا نھیں خیال که تُم آج عالم اقدس میں جا سکو گي،،۔ میں بھت مایوس ھوئي۔ یسوع نے پھر حوصله

دینے والے الفاظوں سے مُجھے تسلي دي ، ,,جُو ۔ا ئیون، مت گھبرائو، میں وعدہ کرتا ھوں کہ میں تمھیں عالم اقدس میں لے جائونگا اور اُس کي سیر کرائونگا،،۔

**لی، ھاك۔سُنگ:**

یسوع میرے پاس آئے اور مُجھے دوزخ دکھاني شروع کردي ۔ دوزخ میں ، میں اُس جگہ پھنچا جھاں ایك بڑي ناپاك مخلوق کُرسي پر بیٹھي تھي ۔ اُس کي جسامت اور ذلیل کرنے کا انداز بتاتا تھا کہ وہ اُس ریاست کا بادشاہ تھا۔ اُس مخلوق کے سامنے ایك بڑا پھندے والا دروازہ واقع تھا ۔ لوگ اُس پھندے والے دروازے کے اوپر کھڑے تھے۔ جب وہ مخلوق اپنا پائوں مارتا تھا تو اُس پھندے والا دروازہ کھُل جاتا جو لوگوں کو آتشیں لاوے میں گرا دیتا۔ جب لوگ اُبلتے ھوئے لاوے میں گر جاتے تو وہ فوراً آگ پکڑ لیتے اور درد سے چلاتے۔میں نے یسوع سے اُن لوگوں کے بارے میں پوچھا اور یسوع نے جواب دیا ، ,,یہ لوگ قسمت بتانے والے تھے ، اُن قسمت بتانے والوں کے گاھك، جادوگر، چڑیلیں اور وہ لوگ جنھوں نے خُود کُشي



کي،،۔ جب خُداوند نے خپود کشي کرنے والوں کي بات کي ، تو میرا انکل جس نے زیادہ گولیاں کھانے سے خود کشي کي تھي میري نظروں میں آ گئے۔ اُسے اُس پھندے والے دروازے کے پاس کھینچ کر لایا گیا اور کھڑا کردیا گیا۔ مخلوق اپنا پائوں اُٹھا کر مارنے والا تھا تا کہ پھندے والے دروازے کو کھول سکے۔ میں نے خُداوند سے رحم کي درخواست کي ، ,,پلیز یسوع، میرا انکل لاوا میں گرنے کے خطرے میں ھے ۔ پلیز اُس کي مدد کرو خُداوند میرا انکل، میرے ساتھ ہ میشہ اچھا سلوك کرتا تھا۔ انکل میري طرف جلدي سے آ جائو،،۔ اُداس لھجے سے، خُداوند نے کھا، ,,ھاك سُنگ، اب بھت دیر ھو چُکي ھے ۔ اب کُچھ بھي نھیں کیا جا سکتا ،،۔ جلد ھي مخلوق نے اپنا پائوں مارا، پھندے والا دروازہ کھُل گیا اور میرا انکل، دوسروں کے ساتھ لاوا میں گر گیا۔ وہ سب چیخے۔

اُس اذیت کي ریاست میں ، جو خُدا کو نھیں جانتے تھے ، بھت سے بُدھ مت کے راھب تھے ، کُچھ گُمراہ مسیحي تھے اور کُچھ وہ تھے جو چرچ یسوع کے علاوہ کسي اور وجہ سے جاتے تھے ۔

دوزخ کے ایك اور مقام پر، یسوع نے مُجھ سے کھا، ,,ھاك ۔سُنگ، غور سے دیکھو،،۔ وھاں

بہت سے لوگ چھوٹے بڑے سانپوں کے گھیرے میں تھے ۔ وہ سب مضبوطي سے ايك دوسرے سے جُڑے وھئے تھے ۔ بڑے سانپ لوگوں کے سروں کے گرد چمٹے ھوئے تھے جبکه چھوٹے سانپ لوگوں کے بدنوں کے گرد چمٹے ھوئے تھے ۔ چھوٹے سانپ مسلسل ٹکراتے اور ڈستے تھے ۔ لوگ درد سے چلا رھے تھے ۔ ميں نے خُداوند سے پوچھا، ,,خُداوند ، اِن لوگوں نے کس قسم کا گناہ کيا تھا؟ ،،يسوع نے جواب ديا، ,,انھوں نے کبھي بھي مُجھ پر سچا ايمان نه رکھا۔ انھوں نے کبھي بھي سچے دل سے مُجھ پر ايمان نھيں رکھا۔ حتي که جب وہ مُجھ پر ايمان رکھنے کا دعويٰ کرتے تھے ، اُن کے کام اُس کي مُطابقت ميں نه تھے۔ وہ وھمي تھے ۔ اُن کے توھمانه رويه نے اُن کي کليسيا ميں شرکت کو بھي مُتاثر کيا ۔ وہ کبھي بھي حقيقتاً نئے سرے سے پيدا ھونے والے نھيں تھے ۔ اُن ميں سے زيادہ تر حادثوں ميں مرے اور وہ مُکمل طور پر توبه نه کر پائے ۔ ھاك۔سُنگ، حتي که تُم بھي وھمي کردار رکھتے ھو۔ تا ھم تمھارا مسيحي چال چلن مستحکم ھے ،،۔

دوزخ کے ايك اور حسے ميں، ميں نے ايك عورت کو بڑے زاروقطار روتے ديکھا، ,,يه نا انصافي ھے ، ميں اِس قسم کي سزا کي حقدار نھيں۔ ميري دُنيا ميں زندگي بھت بدنصيبي کي تھي ۔ ميں اور زيادہ برداشت نھيں کرسکتي تھي اِسي لئے ميں نے خود کُشي کي۔ تا ھم، دوزخ ميں درد ، دُنيا کي زندگي سے زيادہ ناقابل برداشت ھے ۔ تُم نے مُجھے کيوں دوزخ ميں بھيجا؟ يه نا انصافي ھے ۔ ميں نے کبھي بھي دوزخ کي حقيقتوں کے بارے ميں نھيں سُنا تھا ۔ يه ميرا لئے ناانصافي ھے که ميں يھاں ھوں،،۔وہ بار بار دھراتي رھي۔ ناپاك مخلوقات ميں سے ايك ھنسي اور جواب ديا، ,,ميں نے تمھيں خُود کشي کرنے کے لئے مکمل دھوکه ديا۔ تم سچائي نھيں جانتي۔ تم حتي که چرچ بھي جاتي تھي ليکن کبھي بھي دوزخ يا عالم اقدس کے بارے ميں نه سُنا۔ ميں بھي حتي که تمھارے اِس جگه کے جاننے کے بارے ميں خائف ھوں۔ حالانکه تم چرچ جاتي تھي تم نے پھر بھي اپنے آپ کو ھلاك کيا۔ اِس لئے تمھارے لئے يھي واجب ھے که تُم يھاں رھو۔ ميں نے تمھيں چکر دے کر دھوکه ديا۔ ميں نے تمھاري جان جيت لي۔ ميں تمھيں ساري ابديت کے لئے بھت سے سبق دکھائوں گا،،۔ مخلوق عورت کو بيدردي سے مارنے لگي ۔ اُس کي چيخيں اور رحم کے لئے درخواستيں بے جواب گئي۔

يسوع مُجھے واپس چرچ لے گيا اور ميں نے غير زبان ميں دُعا جاري رکھي ۔ اُس نے مُجھے بتايا ، ,,ھاك۔ سُنگ، تمھاري دُعائيں جو رات سے ليکر صبح تك ھوتي ھيں وہ تمھاري دن کي دُعائوں سے زيادہ موثر اور جاندار ھوتي ھيں ۔ اِس لئے دن کے بجائے رات کو زيادہ دُعا کرنے کي کوشش کرو،،۔



اُس نے مُجھے اپني طرف بغور ديکھنے کو کھا، ميں نے

خُداوند کو اپنے سر پر کانٹوں کا تاج پهنے دیکھا، اور میں نے اُس کے پائوں اور هاتھوں میں سوراخ دیکھے ۔ اُس کے هر زخم سے خُون بهه رها تھا ۔ میں خُداوند کي تکلیفیں دیکھ کر توبه کرتا رها اور روتا رها۔

جب میں نے دُعا ختم کي ، خُداوند مُجھے عالم اقدس کو لے گیا اور میرے آنسوئوں کو پُونچھا۔ مُجھے آسمان کا سمندر دیکھنا تھا جو صاف شفاف تھا۔

**لی، یُو۔ کئیونگ:**

اکثر بدروحیں مُجھے ڈراتي هیں جب میں دُعا شروع کرتا هوں۔ لیکن آج ، خُداوند مُجھ سے ملے ۔ وه نه صرف ظاهر هوئے بلکه مُجھے عالم اقدس کو لے گئے ۔ یسوع نے کها، ,,کیا تُم آج اچھا محسوس کررهے هو؟،، میں نے جواب دیا، ,, جي هاں، خُداوند، میں اچھا محسوس کررها هوں کیونکه میں نے آج بدروح نهیں دیکھي،،۔


عالم اقدس میں خُداوند مُجھے بهت بُلند مقام پر لے گئے اور مُجھے دُنیا دکھائي۔ دُنیا اتنے فاصلے سے بهت چھوٹي دکھائي دے رهي تھي ۔ میں نے زمین کو گھومتے هوئے دیکھا۔ میں نے خُداوند سے پوچھا، ,,یسوع، میں عالم اقدس میں رهنا چاهتا هوں ۔ میں دُنیا میں واپس نهیں جانا چاهتا،،۔ یسوع نے جواب دیا، ,,ابھي تمهارا وقت نهیں هے ۔ تمهیں پهلے میري خدمت کرنا هوگي اور مستعدي سے میرا کام کرنا هوگا ۔ مُقرره وقت پر ، تُم یهاں آئو گے،،۔ خُداوند اور میں نے عالم اقدس پر کافي وقت گُزارا۔ هم هنسي مذاق کرتے رهے ۔ هم نے اچھا وقت گُزارا اور میں اِس سے بهت لُطف اندوز هوا۔ بعد میں خُداوند اور میں واپس چرچ لوٹ آئے۔

**سسٹر بائیك، یونگ ۔ نائو:**

میں نے دُعا کي ، ,,خُداوند، آپ نے کیوں همیں معاشي طور پر برکت دینے کا وعده قائم نهیں رکھا؟ آپ نے اپنا وعده توڑ دیا۔ همیں دیکھیں۔ جب هم دُعا کرتے هیں تو هم سردي میں دُعا کرتے هیں کیونکه هم حرارت مقدور نهیں رکھتے۔ جب هم دُعا کرتے هیں تو هم کانپتے هیں ، اور همیں مسلسل اپنے هاتھ رگڑنے پڑتے هیں تا که اپنے آپ کو گرم رکھ سکیں ۔ میں سمجھ نهیں پاتي، آپ نے همیں یه برکت کیوں نهیں دي ۔ همارے پاس سوائے چاول اور کمچي کے اور کھانے کو کُچھ نهیں ۔ ۔پاسٹر کے خاندان کے پاس پیسے نهیں اور میرے خاندان کے پاس بھي پیسے نهیں ۔ هم جدوجهد کررهے هیں ۔۔جب هم رات بھر دُعا کرتے هیں ، تو هم اِس پوزیشن میں بیٹھے بیٹھے اکڑ جاتے هیں اور درد محسوس کرتے ه یں ۔ همارے بدن اکڑاهٹ اور تکلیف سے درد کرتے هیں ۔مناسب خوراك نه هونے کے سبب

همارے مضبوط جسماني بدن نهيں هيں۔ آپ نے همیں ایسے کیوں رکھا هُوا هے ؟ خُداوند ، میں ایسا اور برداشت نهيں کرسکتي۔ میں بنا پهلے سوچے شکایت کررهي تهي اور بڑبڑا رهي تهي ۔ لیکن خُداوند نرمي سے سُن رها تها اور میرے سب الفاظ سُن رها تها۔ خُداوند حقیقتاً میرے ساتھ نرمي سے پیش آ رها تها۔ همدردي کے الفاظ سے خُداوند میرے ساتھ نرمي سے مخاطب هوا، ,, میں تمهاري شکایات پر ناراض نهيں هوں۔ همیں کسي بهي چیز کي فکر نهيں کرني چاهئے،،۔

پهر اُس نے مُجهے دوزخ دکهانا شروع کردیا۔ ,,آئو چلیں، اب اِس منظر کو دیکهو،،، یسوع نے کها۔ پهر میں نے پهاڑ جتنا بڑا ایك حیوان دیکها ۔ وه کسي مگر مچھ یا اژدهے سے مشابهت رکهتا تها اور میري ماں اُس کے پاس تهي ۔ وه اپني زبان استعمال کرتا تها تا که اپنے شکار کو لپیٹے اور پهر هر شخص کو چبائے۔ میں زارو قطار روتي رهي ۔ ,,بونگ ۔ نائو، جب تُم روتي هو، تو میں تمهارا دردمحسوس کرتا هوں ۔ جب تمهارا دل دکهتا هے تو میرا دل بهي اُتنا هي دُکهتا هے۔جب تُم اُداس هوتي هو تو میں بهي اُداس هوتا هوں ، اگر تمهاریماں ابهي زنده هوتي تو میں تمهاري مدد کرسکتا۔ تاهم، اب بهت دیر هو چُکي هے ۔ اگر تُم شکایت یا غصه کرنا چاهو، تو کرسکتي هو۔ میں جانتا هوں تم پریشان هو، میں چاهتا هوں که تُم یه غُبار نکال دو،،۔



بعد میں ، میں نے اپنے پاسٹرکے باپ کو دوزخ میں دیکها۔ ناپاك مخلوق اُسے کسي بڑي قسم کے برتن میں پهینکنے والي تهي ، جس میں گهرا، گلا سڑا ماده اُبل رها تها۔ میں نے خُداوند سے پوچها، وه یهاں کیوں هے ۔ یسوع نے جواب دیا، ,,اِس نے بهت زیاده گناه کئے اور اپني بیوي سے بهت بداخلاق تها۔ وه پینے کا رسیا تها۔ شراب اُس کي عبادت تهي۔ اُس کي شراب نوشي نے اُس کے کام کو متاثر کیا اور اُس نے اپنے بچوں کو نظر انداز کیا ۔ اُس کے بچوں نے مشکل وقت گُزارا۔ نتیجے کے طور پر وه اِس گلے سڑے مادے میں همیشه کے لئے اذیت اور مزه چکهے گا،،۔ پاسٹر کے باپ نے چلانا شروع کردیا ، ,,آه، میں نے بهت سے غلط کام کئے ۔ کاش میري بیوي یسوع مسیح کو بطور اپنے خُداوند اور نجات دهنده مانتي ۔ تو وه پهر عالم اقدس میں داخل هو پاتي جب میں دُنیا میں تها تو میں سارا جُوا کهیلتا اور شراب پیتا تها ۔ میں نے کبهي بهي اپنے خاندان کا خیال نهيں رکها ۔ میں نے اُن کي بُنیادي ضرورتوں کو پورا نه کیا ، میري بیوي سارا دن محنت کرتي تهي تا که بچوں کي پرورش کر سکے ۔ میں اُس کي مشکل زندگي کا ذمه دار هوں ۔ جو گناه میں نے کئے تهے اُن کا خمیازه بهُگت رها هوں ۔میں اِس لعنت کا حقدار هوں۔ پلیز، جب تم دُنیا میں جائو تو میرے چهوٹے بیٹے سے کهنا که وه چرچ جانا جاري رکهے ۔ اُس سے کهنا که وه خُداوند کا

وفادار رهے اور اُس پر ایمان لائے ،،۔ اُس نے مُجهے یه بهي کها که میں اُس کے بیٹوں کو بتائوں که بے سود چرچ مت جانا۔ وه اتوار کو پاك رکهیں ، مخلصي سے توبه کریں ، اور خُداوند میں بطور مسیحي وفاداري سے زندگي گُزاریں۔

اُس نے بات کو جاري رکها، ,,میں دوزخ اور اذیت میں هوں۔ دوزخ حتمي انتها هے ، ایك لامتناهي اذیت۔ یه نا اُمیدي هے ۔ پلیز اپنے بهائیوں، بهنوں اور رشته داروں سے منادي کرو تا که وه عالم اقدس کو جانے کا موقع پائیں،،۔

یسوع اور میں دوزخ میں پهرتے رهے ۔ هم ایك ایسے مقام پر آئے جهاں میں نے لوگوں کے ایك بڑے هجوم کو دوزخ کي فضا کو بهرے هوئے دیکها۔ وه مختلف نسلوں کے تهے اور سب صلیبوں پر کیلوں سے جڑے هوئے تهے۔ صلیبیں لکڑي کي تهیں اور وه یسوع



مسیح کي مانند مصلوب تهے ۔میں نے یسوع سے پوچها که اُنهوں نے کیا گُناه کیا تها اور اُس نے مُجهے غُصے والے لهجے میں جواب دیا ۔,, یه وه لوگ هیں جو چرچ باقاعدگي سے جاتے تهے ۔ وه حتي که اپني بائبل بهي ساتھ لیکر جاتے تهے ۔ لیکن وه بے سود پرستش اور دُعا کرتے تهے ۔ وه ریاکار تهے ۔ وه بهروپئے تهے ۔ چرچ سے باهر، وه تمباکو نوشي کرنے والے اور شرابي تهے ۔ وه سبت کا بهي پاك نهیں رکهتے تهے۔ کلیسیائي عبادت کے بعد وه اپنا فارغ وقت غلط کاموں میں گُزارتے تهے جیسے که کوه پیمائي اور وغیره وغیره۔ اُن میں سے کُچھ سُود خور تهے ۔ وه قرض دیتے تهے اور بهاري شرح سُود لیتے تهے ۔ وه بهاري سُود کما کما کر امیر هوگئے ۔ بهت سے خاندان اُن کے شرح سوُد کو برداشت نه کر پائے اور دیوالیه هو گئے ۔ معاشي تنائو کے سبب بهت سے خاندان ٹوٹ گئے ۔ اُن کے دل اور کام دُنیاوي تهے حتي که اُن کي باتیں ایمان کا دعويٰ کرتي تهیں۔ اگر وه اپنے پورے دل اور قوت سے ایمان میں چلتے تو وه عالم اقدس میں داخل هو چُکے هوتے ۔ وه اپني بے اعتقادي کے سبب نئے سرے سے پیدا هونے والے مسیحي نه بن سکے۔ وه نه هي پاني اور نه پاك روح سے نئے سرے سے پیدا هوئے ۔ اُنهوں نے خُدا کے بجائے روایات کو مانا۔ اُن کي دُنیاوي سرگرمیاں زیاده اهم تهیں اور خُدا پر ترجیح لے گئیں۔ اُن کے اعمال سچے ایمان کي عکاسي نه کرتے تهے ۔ انهوں نے آدهے دل کے ایمان سے خدمت کي،،۔ جلد هي کیلوں سے صلیبوں پر جڑے هوئے لوگوں کو کیڑوں نے ڈهك لیا ، چهوٹے بڑے اُن کے گوشت کو نوچتے هوئے ۔ اُنهیں اپني گردنوں کے گرد کانٹے دار عشق پیچا کي بیلیں بهي لپیٹنا پڑیں ۔ یسوع نے مُجهے بتایا که یه عمل همیشه تك بار بار دهرایا جائے گا ۔ خُداوند اپني تنبیه کے بارے میں بهت واضح اور مستحکم تها۔ اُس نے مُجهے پهر کها که اُن لوگوں کو دیکهوں جو بے سود ایمان رکهتے هیں۔

میں خوف سے کانپ رهي تهي ، خُداوند نرمي سے مُجھ سے مخاطب هوئے ، ,,بونگ-نائو، تم خوف ذده هو۔ آج کے لئے یه کافي هے ، آئو چلیں۔ بونگ-نائو، تُم نے اپنے خاندان کو اذیت میں دیکها هے ۔ایسا برداشت کرنا بڑي بات هے ۔ تم بهت روئي هو۔ میں تمهیں تسلي و تشفي دینا چاهتا هوں۔ جب هم عالم اقدس پر پهنچیں اور چرچ میں داخل هوں ، میں چاهتا هوں که تُم دُعا کرو اور پرستش دیکهو،،۔ عالم اقدس پر خُدا کي کلیسیا شان و شوکت سے برق روشني سے چمك رهي تهي ۔ روشني کي کرنیں عالم اقدس کي ساري فضا کو ڈھکے هوئے تهیں ۔ یه مُقدسین اور فرشتوں کے هجوم کے ساته نهایت عُمده منظر تها۔

## ========= پندرهواں دن =========

**کِم ، جُو ۔ ائیون:**

جب میں مستعدي سے دُعا کررها تها تو میرے سامنے ایك رویا ظاهر هوئي ۔ یه ایك آدمي



اپنے گهر میں ٹي وي دیکھ رها تها۔ جب وه ٹي وي دیکھ رها تها تو ایك هفت رنگي بدروح ٹي وي میں سے نکلي اور اُس کے بدن میں داخل هو گئي ۔ انسان کبهي بهي ٹي وي دیکهنے کے روحاني اثرات کا اندازه نهیں کرتا۔ پهر میري رویا ایك انٹر نیٹ کیفے میں لے گئي ۔ جو لوگوں سے بهرا هوا تها جو چوبیس گهنٹے انٹر نیٹ سے لطف اندوز هو رهے تهے یا گیمیں کهیل رهے تهے ۔ وه جگه کهیلنے والوں سے بهري پڑي تهي ۔ ایك آدمي اپني پوري توجه اپني گیم کو دے رها تها ۔ وه گهنٹوں سے گیم کهیلتا رها هوگا ، اُس کي آنکهیں لال سُرخ هو چُکي تهیں۔ اچانك ایك ڈهانچه نما بدروح کمپیوٹر کي




سکرین سے نکلي اور اُس آدمي کے جسم میں داخل هو گئي ۔ اپنے آپ میں بدروح لئے وه اپنے کهیل میں اور مگن هو گیا اور زیاده انهماك سے کهیلنے لگا ۔ یه مشاهده کرنے کے بعد میں اور زیاده هوشیار هوگیا که میں انٹر نیٹ پر کیا دیکهو یا کروں۔

پهر میں نے آدهے چاند کي صُورت میں ایك بدروح کو دیکها۔ اکسانے والي آواز کے ساته اُس نے کها، ,,مُجهے انٹر نیٹ کیفے جانے دو،،۔ اور رویا میں ، میں نے اُس بدروح کو انٹر نیٹ کیفے کي جانب بڑهتے دیکها ۔ بدروح ایك گیم کے شائق شخص کے پاس پهنچي، اور اُس نے کها، ,,چونکه تم گیم میں اتنے محو هو، میں تمهارے بدن میں داخل هوں گي،،۔ وه پهر اُس شخص کے بدن میں داخل هو گئي۔ بهت سي بدروحیں انٹر نیٹ کیفے میں لوگوں کو دهمکاتي هیں۔ حتي که کُچھ مُقدسین بهي اِس پهندے میں پهنس جاتے هیں ۔ وه دُعا میں کم

وقت گُزارتے هيں اور كمپيوٹر پر زياده وقت ۔ وه مخلص كليسيا كے لوگ تھے جو انٹر نيٹ اور ٹي وي كے عادي هو چُكے هيں ۔ نتيجه كے طور پر اُن كي چرچ ميں حاضري اور روحاني زندگي كو سمجهوته كرنا پڑا۔ بدروحيں لوگوں كو بهكانے كي ذمه دار تهيں۔ وه لوگ اندهے هوگئے اور نهيں جانتے تهے كه ناپاك روحيں اُن كے كاموں اور عادتوں كي ذمه دار هيں۔ ميں نے بدروحوں كو ٹي وي ميں سے نكلتے اور اپنے شكاروں كے بدنوں ميں داخل هوتے بهي رويا ميں ديكها۔



اُس رات ، بعد ميں نے دُعا جاري ركهي۔ بهت سي بدروحوں نے ميرے ساتھ لڑنے كي كوشش جاري ركهي۔ ايك روح ميرے سامنے ببر كي شكل ميں نمودار هوئي۔ وه بهت ڈرائوني تهي اور ميں كانپنے لگا ۔ اُس نے كها، ,,ميں تمهيں دوزخ كي كوٹهريوں ميں لے جائونگا،،۔ ميں چلايا، ,, تُم كيا بات كررهے هو؟ اَے ناپاك بدروح ، يسوع مسيح كے نام ميں چلے جائو،،، وه پهر چلي گئي۔

بغير كسي توقف كے ايك اور بدروح نمودار هوئي۔ ميں نے اپنے آپ سے كها، ,,آج اتني بدروحيں كيوں نمودار هو رهي هيں ،،۔ عجب طور ، وه بدروح بڑے مزاحيه انداز ميں چلي، بطخ كي مانند ۔ ميں اپني هنسي پر قابو نه پا سكا۔ بدروح غُصے سے چلائي، ,, تُم مُجه پر كيوں هنس رهے هو۔ مت هنسو،،۔

بڑي سرزنش كے بعد وه چلي گئي۔

پهر ايك بدروح نوجوان عورت كي صُورت ميں سفيد لباس پهنے نمودار هوئي ۔ اُس كے ڈريكولا كي مانند دانت تهے اور اُس كے مُنه سے خون ٹپك رها تها ۔ وه ميري دُعا سے توجه هتانا چاه رهي تهي پس، ميں نے يسوع كو مدد كے لئے پُكارا اور وه اپنے چهرے پر ناگوار اظهار لئے چلي گئي۔

<u>**لی، هاك۔ سُنگ:**</u>

آج بهت سي بدروحوں نے مُجه پر حمله كيا ۔ پهلے والي ايك بڑے مينڈك كي مانند دكهائي ديتي تهي اور اُس كا ناپسنديده ظاهر هونا تها۔ ميں اُسے يسوع كے نام ميں بهگا سكا۔ دوسري بدروح انساني چهرے كا هفت رنگ ظاهر هونا تها ، جس كي ايك سائيڈ بُري طرح جلي هوئي تهي ۔ ميں نے يسوع كو پُكارا اور خُداوند ظاهر هوا۔ جب يسوع ميرے پاس آياتو

بدروح بھاگ گئي۔ ليکن ميں نے غور کيا يسوع کا خون بھه رھا تھا ۔ وہ خاموش کھڑا رھا اور ميرے سامنے اُس کا خون بھتا رھا۔ ميں تسور نھيں کرسکتا کتنا زيادہ يسوع کا خون بھه رھا تھا ۔ خون اُس کے سر کے سب اطراف سے نکل رھا تھا ۔ ميں ھچکي ليکر رہ گيا ۔ خُداوند نے اپنے ھاتھ ميري طرف بڑھائے تا که مُجھے اپني کلائياں دکھا سکے ۔ميں نے سوراخ ديکھے جھاں کيلوں نے اُسے چيرا ھوا تھا اور جس سے خون رس رھا تھا ۔ خُداوند نے کھا، ,,ھاك۔ سُنگ، تُم نے منادي کے لئے آج اچھا کام کيا ۔ تم نے چرچ کي صفائي کے لئے بھي اچھا کام کيا،،وہ ميري کوششوں سے پھولے نه سمايا اور ميري تعريف جاري رکھتے ھوئے کھا، ,,ميرے ھاك۔سُنگ، جب تم منادي کررھے تھے ، تو تم نے چھوٹے بھائيوں اور بھنوں کي ديکھ بھال کي اور رھنمائي کي۔ موسم بھت سرد تھا ليکن تم اُن رکاوٹوں پر غالب آئے ۔ تم نے اچھا کام کيا ، مُجھت تُم پر فخر ھے ،،۔ اُس نے مُجھے پھر گلے لگايا۔

جب يسوع چلے گئے تو چار بدروحوں نے اچانك مُجھ پر حمله کيا۔اُن ميں سے ايك نے کھا، ,, دُعا مت کرو، رُك جائو، تُم دُعا نھيں کرسکتے،،۔ دوسري بدروح ميرے اطراف گھومتي رھي تا که ميري توجه دُعا سے ھتا سکے ۔ ميں نے اپني پوري قوت سے اپني توجه مرکوز رکھي اور اپنے دل سے چلايا۔ نتيجه کے طور پر بدروح دوڑ گئي۔

بعد ميں يسوع مُجھے دوزخ کو لے گئے ۔ مُجھے ايك جگه دکھائي گئي جھاں لوگوں کا ھجوم درد سے چيخ و پُکار کررھا تھا وہ ايك بڑے گرم سياہ مٹکے ميں تھے ۔مٹکے سے باھر لاتعدا د بدروحيں سب اطراف ميں چل رھي تھيں اور اُڑ رھي تھيں ۔ يسوع نے کھا، ,, ھاك۔سُنگ، مت ڈرو۔ يه بھت سي بدروحيں تمھيں نُقصان نھيں پھنچا سکتيں جب تك ميں تمھاري حفاظت کے لئے ھوں ۔ يه اُبلتے مٹکے کي اذيت کا مقام کھلاتا ھے ۔ يه شرابيوں اور تمباکو نوشي والوں کے لئے مقام ھے ۔،، جب لوگ اُبلتے مادے ميں داخل ھوتے تو اُن کا گوشت گل سڑ جاتا۔ عجب طور اُس اُبلتے مادے ميں آگ تھي۔ يه دکھانے کے بعد، يسوع مُجھے واپس چرچ لے آئے۔

**<u>لی ، يُو ۔ کئيونگ:</u>**

ايك ايك کرکے بھت سي بدروحوں نے ميري توجه ھٹانے کي کوشش کي ۔ ميں نے سب کي سرزنش کي ۔ بعد ميں، يسوع چمکدار لباس پھنے ظاھر ھوا۔ ,,يُو کئيونگ، آئو عالم اقدس کو چليں ،،۔ جب ھم عالم اقدس ميں پھنچے ، فرشتوں نے ھمارا استقبال کيا اور يسوع مُجھے ايك کمرے ميں لے گئے جو کتابوں سے بھرا ھوا تھا ۔ وہ چاھتا تھا که ميں تلاش کروں اور مختلف موضوعات پر کتابوں کا مطالعه کروں ۔ وہ سب سونے کي بني ھوئي تھيں اور ترتيب سے شيلفوں ميں رکھي ھوئي تھيں۔

**کتاب نمبر ۲ ميں جاري ھے ----**